★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو
حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

جلد نمبر 16 | 8 ذوالحجہ 1447ھ، 25 مئی 2026ء، 11 جیٹھ 2082ب (سخفات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 162

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورۂ ایران انتہائی نتیجہ خیز رہا، آئی ایس پی آر

فیلڈ مارشل نے ایران کے دورے میں ایرانی قیادت کے ساتھ اعلیٰ سطح کی ملاقاتیں کیں، ایرانی قیادت سے ملاقاتیں پاکستان کی جاری ثالثی کوششوں کا حصہ تھیں۔

ثالثی کوششوں کا مقصد 8 اپریل کی جنگ بندی کے بعد تناؤ میں کمی اور تعمیری روابط کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔آئی ایس پی آر



وزیراعظم شہباز شریف ہانگزو میں ایک اعلیٰ سطحی بریفنگ کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

راولپنڈی (نیٹ نیوز) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ایران کا مختصر اور انتہائی نتیجہ خیز سرکاری دورہ مکمل ہوگیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے ایران کے دورے میں ایرانی قیادت کے ساتھ اعلیٰ سطح کی ملاقاتیں کیں، ایرانی قیادت سے ملاقاتیں پاکستان کی جاری ثالثی کوششوں کا حصہ تھیں۔پاک فوج کے شعبہ (بقیہ نمبر 1)

حج کے دوران طبی نظام متحرک، 3 ہزار ایمبولینسیں اور 11 فضائی طیارے تعینات

تمام اقدامات جدید ٹیکنالوجی اور اختراعات سے لیس ہیں

ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل اور بہتر طبی خدمات کو یقینی بنایا جا سکے، حکام

ریاض (این این آئی) حج 1447 ہجری کے دوران صحت کے نظام نے 3 ہزار سے زائد کے مریضوں کے لیے فضائی امدادی نظام کا حصہ مختلف اقسام کی ایمبولینس گاڑیاں اور 11 فضائی (بقیہ نمبر 2) ہیں۔یہ تمام اقدامات

کوئٹہ: چمن پھاٹک کے قریب دھماکے کے بعد آگ لگنے سے دھوئیں کے بادل اٹھ رہے ہیں

کوئٹہ چمن پھاٹک کے قریب دھماکہ، 24 افراد جاں بحق

چمن پھاٹک کے مقام پر ایک خودکش حملہ آور نے اپنی گاڑی ٹرین سے ٹکرادی، ٹرین کی دو بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں ٹرین میں زیادہ تعداد عید کی چھٹیاں منانے کے لیے جانے والے افراد کی تھی جن میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے

دشمن عناصر پاکستان کے عوام کو نقصان پہنچانے کے ساتھ پاکستان کی عالمی امن کوششوں سے توجہ ہٹانا چاہتے ہیں، صدر، وزیراعظم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے مطابق ڈاکٹر یاسمین راشد کو سزا اور سکیورٹی حکام کے 82 ڈپٹی ہوگئے، سیکورٹی فورسز اور سکیورٹی حکام کے مطابق افواج کی صبح کوئٹہ کے کینٹ انکلیو سے کوئٹہ مبینہ خودکش حملے میں کم سے کم 24 افراد شہید جبکہ سے پشاور جانے والی (بقیہ نمبر 4)

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال تقریب میں شریک ہیں

نیتن یاہو اور انقلابی گارڈز ایران امریکہ معاہدے میں ممکنہ رکاوٹیں قرار

آن معاہدے کے قریب ہونے کا مژدہ لیے کیلئے ان اہم نزاعی امور پر غور کرنا ضروری ہے جو ازل تا ابد ختم ہونے کا نام نہیں لیتے

دوحہ (این این آئی) بحرین نے اسرائیل ایران کے درمیان معاہدے میں ممکنہ رکاوٹیں قرار دے دیا۔قطر یونیورسٹی کے (بقیہ نمبر 8)

امریکہ اور ایران کے درمیان مجوزہ امن معاہدے کی اہم شقیں سامنے آگئیں

مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہونگے مدت 60 روز ہوگی، باہمی رضامندی سے اس میں توسیع بھی کی جاسکے گی، امریکی خبر ایجنسی

ایران آئندہ ہرمز میں بارودی سرنگیں بچھا کر بحری تجارت بحال کرے گا، امریکا اسی رفتار سے ایرانی بندرگاہوں پر پابندیاں نرم کرے گا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران ایک اہم معاہدے کے قریب پہنچ گئے ہیں جس کے تحت 60 روز جنگ بندی میں توسیع، آبنائے ہرمز کی بحالی اور ایران کو آزادانہ تیل فروخت کی اجازت دی جاسکتی ہے۔امریکی خبر ایجنسی ایکسیوس کی رپورٹ کے مطابق امریکی حکام کا کہنا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے جائیں گے جس کی مدت 60 روز ہوگی اور اس میں توسیع بھی کی جاسکے گی۔رپورٹ کے مطابق معاہدے کے تحت ان ہرمز کو بغیر کسی ٹول ٹیکس کے (بقیہ نمبر 16)

روس اپنے سب سے خطرناک میزائل سے یوکرین پر حملے کی تیاری کررہا ہے، زیلنسکی

ہائپرسونک اور اسٹرٹیک بیلسٹک میزائل سمیت مختلف جدید ہتھیار استعمال کیے جاسکتے ہیں، یوکرینی صدر

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے دعویٰ کیا ہے کہ روس یوکرین، خصوصاً دارالحکومت کیف پر بڑے حملے کی تیاری کر رہا ہے، جس میں ہائپرسونک (بقیہ نمبر 18)

وزیراعظم کے ہمراہ چین کے دورے پر موجود وفاقی وزیر رانا تنویر حسین چینی کمپنی کے تیار کردہ زرعی آلات کا جائزہ لے رہے ہیں

قربانی کی آمد آمد ہے، عیدِ قرباں پر مویشی منڈیوں میں رونق، بلند قیمتوں کے خریدار پریشان

عیدِ الاضحیٰ کے موقع پر مویشی منڈیوں میں رونق، بلند قیمتوں کے خریدار پریشان

کسانوں کی بجائے سرمایہ کاروں کی آمد سے جانور مہنگے ہوئے، قیمتیں کم کرنے کیلئے تیار نہیں، مارکیٹ سروے

قربانی کے روایتی رجحانات تبدیل ہو رہے ہیں، چھوٹے جانوروں کی قربانی میں کمی کا امکان ہے، پاکستان ٹینر یز ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) عیدالاضحیٰ قریب آتے ہی مویشی منڈیوں میں قربانی کے جانوروں کی خرید و فروخت کے سلسلے میں کھما کھمی بڑھ گئی تاہم آسمان سے باتیں کرتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے قربانی کرنا مشکل ہوگیا ہے۔پنجاب کے مختلف اضلاع سمیت تنبیر پختونخوا و دار کشمیر سے بھی جانور لانے جانے کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا۔عیدالاضحیٰ کی آمد میں ابھی کچھ دن باقی ہیں لیکن چھوٹے اور بڑے دونوں جانوروں کی قیمتیں انتہائی زیادہ ہیں جس

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

جنگ کے خاتمے کے لئے مفاہمتی یادداشت کو حتمی شکل دینے پر کام کر رہے ہیں، ایران کی تصدیق

تہران (شہنواز) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ جنگ کے خاتمے کے لئے ایک مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) کو حتمی شکل دینے پر کام کر رہے ہیں۔ بقائی نے سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی کو بتایا کہ اس مرحلے پر ہماری توجہ مسلط کردہ جنگ کے خاتمے پر ہے۔ یہ بیان انہوں نے تہران میں پاکستانی وفد کے دورے کے بعد دیا، اس دورے میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور وزیر داخلہ محسن نقوی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری توجہ پہلے مرحلے میں 14 نکات پر مشتمل ایک مفاہمتی یادداشت پر اتفاق کرنا ہے اور پھر یہ 30 سے 60 دن کے اندر ہم حتمی معاہدے تک پہنچ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس مرحلے پر ہیں جہاں مفاہمتی یادداشت کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ زیر بحث مسائل جنگ کے خاتمے (لبنان سمیت تمام محاذوں) پر مرکوز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم او یو میں شامل اہم امور میں امریکی بحری حملوں کا خاتمہ یا ان کی اصطلاح میں بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور مجمد ایرانی اثاثوں کی بحالی جیسے معاملات شامل ہیں۔ ایم او یو میں شامل 30 سے 60 دن کی مدت کی وضاحت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مدت اس وقت سے شروع ہو گی جب دستاویز پر باضابطہ اتفاق ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نہیں دیکھنا ہوگا کہ آگے کیا ہوتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اس مرحلے پر ایران کی جوہری مسئلہ امن مذاکرات کا حصہ نہیں ہے۔ بقائی نے پاکستان کو ان مذاکرات میں مرکزی ثالث قرار دیتے ہوئے اس کے اہم کردار کو سراہا۔ پاکستان ایران اور امریکہ کے درمیان پیغامات کے تبادلے کو جاری رکھنے میں مدد فراہم کر رہا ہے۔ گزشتہ چند ہفتوں کے دوران وفود کی دوطرفہ ملاقاتوں کے ذریعے تنازع کے خاتمے کے لئے مختلف تجاویز کا تبادلہ کیا گیا ہے۔

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں کا UNFPA کی نمائندہ ڈاکٹر گنٹا کا دیرو کولووا، سیکرٹری جنرل چودھری عامر حبیب، ایڈیٹر ڈائریکٹر سیکرٹری ڈویلپمنٹ یونٹ اسامہ خاور گھمن سمیت وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں سے اقوام متحدہ پاپولیشن فنڈ (UNFPA) کی نمائندہ ڈاکٹر گنٹارا کادیرکولووا نے وفد کے ہمراہ سپیکر ہاؤس ملاقات کی

ملاقات میں سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب، ایڈیٹر ڈائریکٹر برائے سپیکر و سربراہ پارلیمنٹری ڈویلپمنٹ یونٹ اسامہ خاور گھمن سمیت UNFPA کے اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے

وفد نے پنجاب چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کی تاریخی منظوری پر سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی

UNFPA اور پنجاب اسمبلی کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) کے تحت جاری تعاون کو مزید موثر اور وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا

لاہور (خبرنگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔ اس قانون کے تحت لڑکیوں اور لڑکوں دونوں کے لیے شادی کی کم از کم عمر 18 سال مقرر کی گئی ہے، جس سے بچوں کے حقوق کے تحفظ، خواتین کی فلاح اور سماجی انصاف کے فروغ کی جانب ایک اہم اور انقلابی اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔ ملاقات کے دوران پنجاب چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 پر مؤثر عملدرآمد، ریفرنس کوڈ کیٹلاگ بلیٹن، آبادی میں توازن، گورننس کی بہتری، خواتین اور بچوں کی صحت، تعلیم، سماجی تحفظ اور پائیدار ترقیاتی اہداف کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ UNFPA اور پنجاب اسمبلی کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) کے تحت جاری تعاون کو مزید موثر اور وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ کم عمری کی شادی کے خلاف ہمارا مؤقف واضح ہے۔ سپیکر نے کہا کہ ملک محمد احمد خاں نے UNFPA کے ساتھ جاری شراکت داری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کی صحت، تعلیم، بااختیار بنانے اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں بین الاقوامی اداروں کے تعاون سے مزید مثبت نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ UNFPA کی نمائندہ ڈاکٹر گنٹارا کادیر کولووا نے پنجاب اسمبلی کے اس اہم پیش رفت پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ UNFPA پاکستان میں خواتین اور بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پنجاب اسمبلی کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اسمبلی کے ساتھ مل کر کام کرنے سے ہم اپنے مشترکہ اہداف کو زیادہ مؤثر طریقے سے حاصل کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پنجاب اسمبلی کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ملاقات میں سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب، ایڈیٹر ڈائریکٹر برائے سپیکر و سربراہ پارلیمنٹری ڈویلپمنٹ یونٹ اسامہ خاور گھمن سمیت UNFPA کے اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ وفد نے پنجاب چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کی تاریخی منظوری پر سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں اور پنجاب اسمبلی کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔

لاہور: میاں محمد فیاض چیف ایڈیٹر روزنامہ قوت گروپ آف نیوز پیپر لاہور پاکستان علی عمران اختر پروچیف بہادر نگر پریس کارڈ دیتے ہوئے

ایران کے ساتھ امن معاہدہ زیادہ طے پا چکا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (شہنواز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ تیار ہونے کے قریب ہے۔ فلوریڈا میں پریس بریفنگ کے دوران ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ معاہدہ تقریباً طے پا چکا ہے، ہم اس پر بہت قریب ہیں۔ ہم ایران کے ساتھ ایک معاہدہ کرنے کے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

روزنامہ قوت لاہور

"روزنامہ قوت لاہور" (3) 25 مئی 2026ء

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خرم حمید کا شہر کے مختلف بازاروں اور عوامی مقامات کا دورہ

جانوروں کی آلائشیں جمع کرنے کیلئے شہریوں میں پلاسٹک بیگز تقسیم کیے، شہر کے اہم مقامات، چوکوں اور بازاروں میں ستھراء پنجاب کی جانب سے باقاعدہ کیمپ بھی قائم

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ ایم ڈی ستھراء پنجاب ایجنسی اور ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی حافظ آباد خرم حمید نے شہر کے مختلف بازاروں، عوامی مقامات اور مویشی منڈی کا دورہ کرتے ہوئے وہاں جانوروں کی آلائشیں جمع کرنے لیے شہریوں میں پلاسٹک بیگز تقسیم کیے، ڈسٹرکٹ منیجر رضوان احمد، تحصیل منیجر ستھراء پنجاب ایجنسی محمد قیصر بٹ بھی انکے ساتھ تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل و ایم ڈی ستھراء پنجاب خرم حمید نے گوجرانوالہ روڈ، فوارہ چوک، دھنکے چوک کچہری بازار، جلالپور روڈ، علی پور روڈ، بائی پاس اور مویشی منڈی سمیت دیگر علاقوں و بازاروں کا دورہ کیا اور وہاں لوگوں میں مفت شاپنگ بیگز تقسیم کیے تاکہ عید کے موقعہ پر جانوروں کی آلائشیں جگہ جگہ پھینکنے کے بجائے ان شاپنگ بیگز میں ڈال کر سینٹری ورکرز کے سپرد کی جائیں انکا کہنا تھا کہ شہر کے اہم مقامات، چوکوں اور بازاروں میں ستھراء پنجاب کی جانب سے باقاعدہ کیمپ بھی قائم کیے گئے ہیں جہاں سے شہر شاپنگ بیگز حاصل کر سکتے ہیں انہوں نے عوام سے علمائے کرام، انجمن تاجران، میڈیا کے نمائندوں، سول سوسائٹی کے سرکردہ افراد سمیت سمیت شہریوں سے اپیل کی کہ اپنے حافظ آباد ضلع اور شہر کو عہد کے موقعہ پر صاف شفاف بنانے کے لیے حکومتی اداروں سے تعاون کریں ستھراء پنجاب ایجنسی اور میونسپل کمیٹی کے تمام افسران و ملازمین عید کے ایام میں صفائی ستھرائی لوگوں کی رہنمائی اور سہولت کے لیے ڈیوٹی پر موجود ہونگے۔

ہرن مینار روڈ پر نئے قائم ہونے والے نیو ٹوٹل پٹرول پمپ کی افتتاحی تقریب

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ہرن مینار روڈ پر نئے قائم ہونے والے نیو ٹوٹل پٹرول پمپ کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ، اسسٹنٹ کمشنر عمران علی ہرل، نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ، سٹی صدر محمد عارف خان سندھیلہ صدر پریس کلب عظیم احمد یزدانی، گروپ لیڈر مبشر حسن بٹ، جنرل سیکرٹری میاں شاہد اسلم جالندھری، سابق صدر جاوید معراج، سابق فٹبالرز سیکرٹری بھٹی رانا محمد اکرم بیانفارمیشن سیکرٹری سیف الرحمن سیفی، شیخ امتیاز احمد، شیخ امتیاز احمد، محمد عثمان بٹ و دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے کہا کہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے گئے ہیں

بم دھماکہ دشمن کے ناپاک عزائم کا ثبوت ہے: امیر طاہر حسن قدیر

دہشت گردانہ کارروائیوں نے دو صوبوں کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جماعت اسلامی چنیوٹ شہر کے امیر طاہر حسن قدیر نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کوئٹہ بم دھماکہ کی شدید مذمت واحتجاج کرتے ہوئے کہا کہ بم دھماکہ دشمن کے ناپاک عزائم کا ثبوت ہے حملے میں ہونے والے جانی نقصان کا ازالہ نہیں ہوسکتا معصوم بیگناہ لوگوں کو بربریت کا نشانہ بنانیوالے وحشی درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ معصوم شہریوں پر ہونے والا خودکش حملہ شرمناک بزدلانہ کاروائی ہیمیں گناہ لوگوں کا خون بہانے والے ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ پختیں سے زائد افراد کی شہادت پورا ملک سوگوار ہے امن کے دشمن پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ملک بھر میں پہلے ہی لوگ اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھتے ہیں اور دہشت گردانہ کارروائیوں نے دو صوبوں کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے تو ایسی متحدہ صورتحال میں پوری قوم متحد اور یکجان ہوکر دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملادے۔ ہم امن، اتحاد اور انسانیت کے دشمنوں کی اس بزدلانہ کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہیں

رانا غلام رشید ایڈووکیٹ کی بطور امیدوار جنرل سیکرٹری بار ایسوسی ایشن حمایت کا اعلان کرتے ہیں: رانا وزیر علی ایڈووکیٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سربراہ الغنی لاء ایسوسی ایٹس و سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن رانا وزیر علی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ رانا غلام رشید ایڈووکیٹ کی بطور امیدوار جنرل سیکرٹری بار ایسوسی ایشن حمایت کا اعلان ان کی قائدانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہے، رانا غلام رشید ایڈووکیٹ عرصہ دراز سے وکلاء برادری کے حقوق کے تحفظ اور کالے کوٹ کے تقدس کی بحالی کی جدوجہد کر رہے ہیں جس کے پیش نظر انہیں آئندہ بار انتخابات میں جنرل سیکرٹری شپ کے امیدوار کے طور پر نامزد کیا گیا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، رانا وزیر علی ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ قانون کی حکمرانی، آئین کی بالادستی، بروقت انصاف کی فراہمی، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ، وکلاء کی فلاح و بہبود اور بار و بینچ کے مابین خوشگوار تعلقات کے فروغ کی خاطر جدوجہد کی اور آئندہ بھی اسی کاز کی خاطر جدوجہد جاری رکھیں گے ان شاء اللہ رانا غلام رشید ایڈووکیٹ بھی اسی ویژن کی تکمیل کیلئے کردار ادا کریں گے جن کی آئندہ بار انتخابات میں جنرل سیکرٹری کی نشست پر جیت کیلئے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔

عید قربان یتیموں و مستحقین کی دادرسی کا نام ہے: چوہدری محمد آصف باجوہ

سنت ابراہیمی رضائے الٰہی پر سب قربان کرنے کا نام ہے۔ صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری محمد آصف باجوہ نے اہل اسلام کو عید الاضحیٰ کے موقع پر پیشگی مبارکباد کیساتھ اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ عید قربان کی آمد آمد ہے اور اسوقت ملک میں ہوشربا مہنگائی کیوجہ سے عام پاکستانی بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ افسوس ناک امر یہ کہ ہر شے کی طرح اب مڈل کلاس لوگوں میں بھی قربانی کی سکت نہیں رہی اس لیے خصوصی طور پر قربانی کے موقع پر اپنے متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عزیز واقارب اور ہمسائیگی وارد گرد مستحقین کی دادرسی ضرور کیجیے کہ پیارے نبی کریم کے فرمان کے مطابق اللہ تعالیٰ کو مستحقین یتیموں بیواؤں اور مساکین کی چھپ کر امداد کرنے والے اور قربانی کے گوشت کی تقسیم کے دوران انکا خیال رکھنا بے حد مقرب ہے۔ اس لئے صاحب ثروت و مخیر افراد کو چاہئے کہ عید کے موقع پر مہنگائی کی چکی میں پسے اپنے مسلمان بہن بھائیوں کا خاص خیال رکھیں۔

عبدالغفور ملک کو چیئرمین سیال منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہیں۔ اظہر حمید بھٹی

ریاض الدین شیخ مدبر و قابل بزنس کمیونٹی لیڈر ہیں۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ عبدالغفور ملک چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ منتخب ہوگئے۔ اتحاد فاؤنڈرز گروپ لیڈر ریاض الدین شیخ کے نامزد امیدوار چیئرمین سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے باصلاحیت ایکسپورٹر کیساتھ ایک بہترین ایڈمنسٹریٹر کے طور پر بھی مشہور ہیں جن کی زیر صدارت سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں جہاں انفراسٹرکچر بہترین ہوا بلکہ سیالکوٹ میں بزنس انڈسٹری میں واضح مثبت اثرات کیساتھ بیرون ممالک کے ایمبیسڈرز نے سیالکوٹ کا رخ کیا جس کے نتائج برآمدی آرڈرز کیساتھ بزنس پروموشن میں دیکھائی دیئے۔ اپنے انتخابی پیغام میں حاجی عبدالحمید بھٹی کے فرزند ارجمند اظہر حمید بھٹی و بیرسٹر ابوبکر اظہر حمید بھٹی نے کہا کہ عس دالغفور ملک کو چیئرمین سیال منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید واثق ہے کہ اپنی بااصلاحیت قیادت بطور چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ سیال کو ترقی کی بہترین منازل کی طرف گامزن کریں گے۔

تحصیل جھنگ رجسٹری برانچ میں عملہ کی شدید کمی سائلین پریشان

سب رجسٹرار کے سامنے زمین یا پلاٹ کی قیمت کی ادائیگی کا پہلا مرحلہ تو طے پا جاتا ہے لیکن جیسے ہی معاملہ دوسرے اور اہم ترین مرحلے یعنی بائیو میٹرک تصدیق پر پہنچتا ہے تو سائلین کو گھنٹوں انتظار کی سولی پر لٹکا دیا جاتا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) تحصیل جھنگ کی رجسٹری برانچ میں عملے کی شدید کمی کے باعث سائلین شدید کرب ناک عذاب میں مبتلا ہو گئے برانچ میں رش کے بے پناہ دباؤ اور ناقص انتظامات کی وجہ سے روزانہ درجنوں بانعان، مشتریان اور گواہان سارا دن ذلیل وخوار ہو کر بغیر بائیو میٹرک کروائے ہی واپس لوٹنے پر مجبور ہیں ذرائع کے مطابق رجسٹری برانچ میں عملے کی کمی کے باعث ٹیکنیکل اور انتظامی امور بری طرح مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں صورتحال اس حد تک سنگین ہو چکی ہے کہ سب رجسٹرار کے سامنے زمین یا پلاٹ کی قیمت کی ادائیگی کا پہلا مرحلہ تو طے پا جاتا ہے لیکن جیسے ہی معاملہ دوسرے اور اہم ترین مرحلے یعنی بائیو میٹرک تصدیق پر پہنچتا ہے تو سائلین کو گھنٹوں انتظار کی سولی پر لٹکا دیا جاتا ہے بائیو میٹرک نہ ہونے کی وجہ سے مشتری (خریدار) شدید ذہنی تناؤ اور تذبذب کا شکار ہو رہے ہیں مشتریان کا کہنا ہے کہ لاکھوں کروڑوں روپے کی ادائیگی کے بعد جب بائیو میٹرک نہیں ہو پاتی تو رات بھر نیند اڑ جاتی ہے کہ پتہ نہیں اگلے دن بالعہ دوبارہ بائیو میٹرک کے لیے آئے گا یا اپنی بات سے مکر جائے گا اس غیر یقینی صورتحال اور روز روز کی ذلت سے تنگ آ کر شہریوں نے جائیدادوں اور پلاٹوں کے لاکھوں روپے مالیت کے سودے کینسل کرنا شروع کر دیے ہیں جس سے کاروبار زندگی شدید متاثر ہو رہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ جھنگ کی رجسٹری برانچ حکومت پنجاب کو ٹیکسوں اور فیسوں کی مد میں ماہانہ کروڑوں روپے کا منافع کما کر دیتی ہے اس کے باوجود اس اہم ترین برانچ کو لاوارث چھوڑ دیا گیا ہے سائلین نے وزیر اعلیٰ پنجاب، کمشنر فیصل آباد اور ڈپٹی کمشنر جھنگ سے پرزور اپیل کی ہے کہ رجسٹری برانچ میں عملے کی کمی کو ہنگامی بنیادوں پر پورا کیا جائے بائیو میٹرک کے لیے اضافی کاؤنٹرز قائم کیے جائیں تاکہ شہریوں کا قیمتی وقت اور سرمایہ ضائع ہونے سے بچ سکے

پروفیسر سید محمود دشاہ اور سید سجاد علی شاہ کی انچارج انویسٹی گیشن ذیشان خان سے ملاقات

فیروز والا (نامہ نگار منور حسین جٹ) پروفیسر سید محمود شاہ غزنوی فیڈرل چیئرمین قومی امن کمیٹی پاکستان اور مرکزی سیکرٹری جنرل قومی امن کمیٹی پاکستان سید سجاد علی شاہ اور سینئر نائب صدر پنجاب حفیظ گجر کی خصوصی ملاقات انچارج انویسٹیگیشن شالیمار ذیشان خان سے ہوئی۔ اس موقع پر شالیمار ذیشان خان نے قومی امن کمیٹی پاکستان کی امن و امان کی صورتحال، عوامی مسائل اور باہمی تعاون کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ انچارج انویسٹیگیشن کارکردگی کو سراہتے ہوئے معاشرے میں امن کے قیام کے لیے ان کی خدمات کو قابل تحسین قرار دیا۔

عطائی ڈاکٹر شبیر نے سیل شدہ کلینک کی سیلیں توڑ کر دوبارہ مریضوں کا معائنہ شروع کر دیا

علاقہ مکینوں کا الزام ہے کہ اس تمام غیر قانونی عمل کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھنگ کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) عطائی ڈاکٹر نے محکمہ صحت اور ہیلتھ کیئر کمیشن کے احکامات ہوا میں اڑا دیے سرگودھا روڈ پر سیل شدہ کلینک کی سیلیں توڑ کر دوبارہ کام شروع کر دیا گیا ہیلتھ کیئر کمیشن اور محکمہ صحت کے احکامات کو ماننے سے انکار کرتے ہوئے عطائی ڈاکٹر شبیر نے سیل شدہ کلینک کی سیلیں توڑ کر دوبارہ مریضوں کا معائنہ شروع کر دیا تفصیلات کے مطابق سرگودھا روڈ پر واقع حاجی آباد میں ہیلتھ کیئر کمیشن کی انسدادِ عطائیت ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے 22 مارچ کو مذکورہ کلینک کو عطائیت کے جرم میں موقع پر سیل کر دیا تھا تاہم مذکورہ عطائی ڈاکٹر نے مبینہ طور پر قانون کو پس پشت ڈالتے ہوئے کلینک کی سیلیں غیر قانونی طور پر توڑ دیں اور روزانہ شام 4 بجے سے رات 10 بجے تک چوری چھپے مریضوں کو چیک کرنا شروع کر دیا ہے علاقہ مکینوں کا الزام ہے کہ اس تمام غیر قانونی عمل کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھنگ کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے مبینہ طور پر ملی بھگت کے باعث متعلقہ ہیلتھ آفیسر اس سنگین خلاف ورزی پر ایکشن لینے سے گریزاں ہیں جس سے عطائی کے حوصلے مزید بلند ہو چکے ہیں سماجی حلقوں نے محکمہ صحت اور ہیلتھ کیئر کمیشن کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ عطائی کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے

میاں چنوں: عالمی فلاحی ادارے کے زیر اہتمام بڑے انسانی خدمت منصوبوں کا اعلان

میاں چنوں میں ایک جدید فری آئی ہسپتال کے قیام کی کوششیں جاری ہیں: میاں احمد عبدالرزاق ساجد

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) معروف سماجی و فلاحی شخصیت، سابق مرکزی صدر انجمن طلبہ اسلام اور چیئرمین المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ یو کے اینڈ انٹرنیشنل میاں احمد عبدالرزاق ساجد اپنے پاکستان دورے کے دوران میاں چنوں پہنچے، جہاں انہوں نے مختلف سماجی، سیاسی اور سابق طلبہ رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر صدر متحدہ شہری محاذ چوہدری محمد منشاء کھکھ اور مسلم لیگ (ن) ضلع خانیوال کے سینئر نائب صدر کی دعوت پر منعقدہ ملاقاتوں میں انہوں نے فلاحی منصوبوں اور مستقبل کی سماجی سرگرمیوں پر تفصیلی گفتگو کی۔ بعد ازاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے میاں احمد عبدالرزاق ساجد نے کہا کہ ان کی تنظیم کا بنیادی مقصد انسانیت کی خدمت ہے اور یہی مشن ان کی تمام سرگرمیوں کا مرکز ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے عوام کے لئے آنکھوں کے مکمل مفت علاج کی سہولیات فراہم کرنے کا جامع منصوبہ بنایا جا رہا ہے تاکہ غریب اور مستحق افراد جدید علاج سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے مزید اعلان کیا کہ میاں چنوں میں ایک جدید فری آئی ہسپتال کے قیام کی کوششیں جاری ہیں، اور اس سال پاکستان میں تقریباً تین ہزار قربانیاں مستحق افراد میں تقسیم کی جائیں ان کا کہنا تھا کہ انسانیت کی خدمت ان کی زندگی کا مشن ہے اور وہ دنیا بھر میں ضرورت مند افراد کی مدد کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھیں یہ تمام اقدامات فلاحی تنظیم کے وسیع تر انسانی خدمت کے وژن کا حصہ ہیں، جس کا مقصد کمزور اور محروم طبقات کی عملی مدد کرنا ہے۔

بجلی کی بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی

شہر میں چار، چار گھنٹے بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے جبکہ معمولی فالٹ کی صورت میں بھی کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نارنگ منڈی اور گردونواح میں بجلی کی بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی عید کے قریب آتے ہی طویل بندش کے باعث نہ صرف کاروبار تباہ ہونے لگے بلکہ شہری شدید ذہنی اذیت میں مبتلا ہو گئے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ دن کو سکون ہے نہ رات کو چین، آخر جائیں تو کدھر جائیں شہر میں چار، چار گھنٹے بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے جبکہ معمولی فالٹ کی صورت میں بھی کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے شہریوں کے مطابق ایک ٹرانسفارمر لگانے کے لیے پورے شہر کی بجلی تین گھنٹے تک بند کر دی جاتی ہے جس سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں نارنگ منڈی شہر اور نواحی درجنوں دیہات شدید گرمی اور حبس کی لپیٹ میں ہیں رات کے وقت بجلی بند ہونے سے موٹے مچھروں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر رکھا ہے جبکہ دن کے اوقات میں شدید گرمی اور حبس کے باعث سانس لینا بھی مشکل ہو چکا ہے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر شہری سراپا احتجاج بن گئے ہیں تاجروں کا کہنا ہے کہ عید کے دنوں میں طویل لوڈشیڈنگ کے باعث کاروبار تباہ ہو رہے ہیں اور خریداری شدید پریشانی کا شکار ہیں اہل علاقہ نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور بجلی کی غیر اعلانیہ بندش ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ عوام کو عید کی تیاریوں میں درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔

میاں چنوں: متعدد بار واجبات کی ادائیگی کا تقاضا کیا گیا، تاہم معاملہ حل ہونے کے بجائے کشیدگی میں اضافہ ہوا: متاثرہ آڑھتی



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) چیچہ وٹنی سے مبینہ طور پر آنے والے چند عناصر پر میاں چنوں سبزی منڈی کے آڑھتیوں کے 50 لاکھ روپے سے زائد کے بقایاجات ادا نہ کرنے کے الزامات کا سامنا ہے۔ سبزی منڈی کے تاجروں نے اس حوالے سے منعقدہ پریس کانفرنس میں مؤقف اختیار کیا کہ مبینہ طور پر رقم کے مطالبے پر انہیں ہراسانی اور دباؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ بعض عناصر کی جانب سے بدمعاشی کہتے جانے کے بھی الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ متاثرہ آڑھتیوں نے کہا کہ متعدد بار واجبات کی ادائیگی کا تقاضا کیا گیا، تاہم معاملہ حل ہونے کے بجائے کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ درجنوں تاجروں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ تاجروں نے مزید کہا کہ شہر کے امن وامان کو خراب کرنے اور کاروباری افراد کو پریشان کرنے والے عناصر کے خلاف سخت اقدامات ناگزیر ہیں تاکہ منڈی کا ماحول پرامن اور کاروباری سرگرمیاں متاثر نہ ہوں۔

دریاؤں اور نہروں میں نہانے پر دفعہ 144 نافذ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب نے عوامی مقامات پر ×× سری پائے ×× جلانے، دریاؤں اور نہروں میں نہانے پر دفعہ 144 نافذ کر دی۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق سیوریج لائنوں، نکاسی آب اور نہروں میں آلائشوں اور فضلہ پھینکنے پر بھی پابندی عائد، عیدالاضحیٰ کے موقع پر ضلع ننکانہ صاحب کی ریونیو حدود میں مکینیکل جھولے لگانے پر دفعہ 144 نافذ ہو گی۔ ضلع کی ریونیو حدود میں ون ویلنگ اور بغیر سلنسر موٹر سائیکل چلانے اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف بھی سخت ایکشن ہوگا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے حوالے سے ترجمان ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ضابطہ فوجداری، 1898 کی دفعہ 144 کے تحت کارروائی ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ ننکانہ صاحب ضلع کی حدود عوامی امن کو خراب کرنے والوں پر سخت ایکشن ہوگا۔

ملگد اچوک میں ریسکیو 1122 کامنی اسٹیشن کا قیام ناگزیر

ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو ڈسٹرکٹ انچارج کی غفلت سے حادثات کا تدارک ناممکن ہو گیا

ملگد اچوک (نامہ نگار) ملگد اچوک میں ریسکیو 1122 کامنی اسٹیشن کا قیام ناگزیر، قیمتی جانیں ضائع ہونے پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش پھیل گئی انتظامیہ اور ریسکیو ڈسٹرکٹ انچارج کی غفلت سے حادثات کا تدارک ناممکن ہو گیا، وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈی جی ریسکیو فوری نوٹس لیں اہلیان علاقہ۔ سیاسی و سماجی شخصیت، تاجران وصحافی برادری ملگد اچوک کا مشترکہ مطالبہ تفصیلات کے مطابق ہائیوال ڈویژن کے تینوں اضلاع کے سنگم پر واقع اور تجارتی لحاظ سے ملک بھر میں منفرد پہچان رکھنے والا اہم کاروباری مرکز ملگد اچوک انتظامی غفلت کا شکار ہو گیا۔ ضلع اوکاڑہ کی انتظامیہ اور بالخصوص ریسکیو ایمرجنسی 1122 کے ڈسٹرکٹ انچارج کی مبینہ لاپرواہی کے باعث بروقت طبی امداد نہ ملنے سے اب تک کئی قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ جس پر مقامی عوام، تاجروں اور صحافی برادری میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ ملگد اچوک اور اسکے گردونواح کے سیاسی و سماجی رہنماؤں، انجمن تاجران اور صحافی برادری کا ایک اہم مطالبہ کرتے ہوئے، جس میں علاقے کی محرومیوں اور ریسکیو سروس کی عدم دستیابی پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ سیاسی و سماجی شخصیت نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملگد اچوک ایک وسیع تجارتی مرکز اور شاہراہوں کا ملاپ ہے، جہاں روزانہ ہزاروں گاڑیوں کی آمدورفت ہوتی ہے۔ حادثات کی صورت میں اوکاڑہ سے ریسکیو ٹیموں کے پہنچنے تک تاخیر ہو جاتی ہے، جو اکثر جانی نقصان کا سبب بنتی ہے۔ ڈسٹرکٹ انچارج ریسکیو 1122 کی اس اہم ترین ضرورت سے چشم پوشی مجرمانہ غفلت کے مترادف ہے۔ اہلیان علاقہ، سیاسی و سماجی شخصیت، تاجر برادری اور شاہور پریس کلب کے صحافیوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈائریکٹر جنرل (DG) ریسکیو 1122 لاہور سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ عوامی تحفظ اور امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر ملگد اچوک اوکاڑہ میں فوری طور پر ریسکیو 1122 کا منی اسٹیشن منظور کر کے قائم کیا جائے۔

مکمہ لائیوسٹاک معیاری سہولیات کی فراہمی اور صحت مند جانوروں کی دستیابی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے: ڈائریکٹر جنرل

صوبہ بھر کی مویشی منڈیوں میں محکمہ لائیوسٹاک کے زیر اہتمام قائم ویٹرنری کیمپس پر ڈاکٹرز اور عملہ 24/7 خدمات سرانجام دے رہا ہے

ساہیوال (مہرے ڈی نیم سپرا سے) ڈائریکٹر جنرل (اسٹیشن) لائیوسٹاک پنجاب ڈاکٹر سید ندیم بدر نے کہا ہے کہ محکمہ لائیوسٹاک مویشی پال حضرات تک معیاری سہولیات کی فراہمی اور صحت مند جانوروں کی دستیابی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے اور صوبہ بھر کی مویشی منڈیوں میں محکمہ لائیو سٹاک کے زیر اہتمام قائم ویٹرنری کیمپس پر ڈاکٹرز اور عملہ 24/7 خدمات سرانجام دے رہا ہے تاکہ بیوپاریوں، فارمرز اور خریداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مویشی منڈی کا دورہ کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک اور ڈاکٹر علی اسلم اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر عرفان مشتاق بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈائریکٹر جنرل (اسٹیشن) نے منڈی میں قائم ویٹرنری کیمپ، موبائل ویٹرنری ڈسپنسری، سپرے کیمپ اور دیگر سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے فارمرز، بیوپاری حضرات اور شہریوں سے ملاقات کرتے ہوئے محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے فراہم کردہ خدمات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے بتایا کہ منڈی میں لائے جانے والے تمام جانوروں کو محکمہ لائیوسٹاک کے ماہر ویٹرنری ڈاکٹرز کے مکمل معائنے کے بعد ہی داخلے کی اجازت دی جاتی ہے۔ جانوروں کی صحت، جسمانی حالت اور متعدی بیماریوں کے حوالے سے خصوصی چیکنگ کی جاتی ہے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ منڈی میں موجود تمام جانور صحت مند ہوں اور کوئی بھی جانور منہ کھر، لمپی سکن یا دیگر متعدی بیماریوں سے متاثر نہ ہو۔ ڈاکٹر سید ندیم بدر نے مزید کہا کہ جانوروں کی عمر کا بھی باقاعدہ اندازہ لگایا جاتا ہے تاکہ خریدار حضرات اطمینان کے ساتھ ایسے جانور خرید سکیں جو شرعی اصولوں کے مطابق قربانی کے قابل ہوں۔ انہوں نے جانوروں کیلئے چارے اور صاف پانی کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو ہدایت جاری کی کہ مویشی پال حضرات اور بیوپاریوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔

ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب اور ریسکیو 1122 کے زیر اہتمام موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا

اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ڈاکٹر ندا اقبال ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار، سول ڈیفنس آفیسر کے علاوہ مختلف محکموں کے افسران موجود تھے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب اور ریسکیو 1122 کے زیر اہتمام چندر کوٹ نہر کے مقام پر ممکنہ بیلابی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے سلسلہ میں فرضی منشتوں کا انعقاد کیا گیا۔ فلڈ موک ایکسرسائز کی تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو تھے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ڈاکٹر ندا اقبال ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار، سول ڈیفنس آفیسر کے علاوہ مختلف محکموں کے افسران موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف محکموں کی جانب سے لگائے گئے ایمرجنسی فلڈ ریلیف کیمپس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے ڈپٹی کمشنر کو ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ پلان، ایمرجنسی سازو سامان و مشینری سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ موک ایکسرسائز کے دوران ریسکیو 1122 کی جانب سے واٹر ریسکیو ٹیموں نے ممکنہ بیلابی صورتحال کے دوران پانی میں ڈوبتے لوگوں کی جان بچانے کا عملی مظاہرہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو نے ریسکیو اسکاؤٹس ٹیموں سے ملاقات کرتے ہوئے ان کے جذبے اور خدمات کو سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں ریسکیو 1122 کا رسپانس اور کارکردگی ہمیشہ مثالی رہی ہے۔ انہوں نے دریائے راوی کے حالیہ بیلابی صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات کے باوجود ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہزاروں افراد کو بحفاظت ریسکیو کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس موک ایکسرسائز کا مقصد بیلاب کے دوران استعمال ہونے والے آلات کی فعالیت، ٹیموں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مختلف اداروں کے درمیان باہمی کوآرڈینیشن کا جائزہ لینا تھا تاکہ کسی بھی ممکنہ بیلابی صورتحال سے مؤثر اور مربوط انداز میں نمٹا جا سکے۔

سابق وفاقی وزیر مخدوم سید فیصل صالح حیات کا مختلف علاقوں کا دورہ، پسماندگان سے تعزیت

تمام مقامات پر سابق وفاقی وزیر داخلہ نے مرحومین کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر داخلہ مخدوم سید فیصل صالح حیات کا اپنے حلقے میں معززین علاقہ کی وفات پر پسماندگان سے اظہار تعزیت کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے حلقے کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور سوگوار خاندانوں سے تعزیت کی مخدوم سید فیصل صالح حیات نے اڈا چنگن یونین کونسل گلڑی کے سابق ناظم رائے امتیاز احمد بھٹی کے چچا کی وفات پر ان کے گھر جا کر فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے درجات کی بل

اداریہ

نوٹ: کالم نگاروں کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

دفاعِ وطن اور شہدا کی قربانیاں

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ ملک بھر میں پائیدار امن اور استحکام کے حصول تک دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قومی قوت کے ساتھ جاری رہے گی۔ جنرل ہیڈکوارٹرز راولپنڈی میں پاک فوج کے افسران اور جوانوں کو عسکری اعزازات دینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل نے دہشت گردی کے خلاف دفاعی اداروں کی مسلسل کوششوں کی تعریف کی اور شہدا کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا امن اور سلامتی شہیدوں کی عظیم قربانیوں اور فرض سے بے لوث وابستگی کا نتیجہ ہے۔ گزشتہ تقریباً دو دہائیوں سے پاکستان ایک ایسی جنگ کی زد میں ہے جس میں دھرتی کے ہزاروں بچوں کو اپنی جان قربان کر کے وطن کے دفاع کا تقاضا نبھانا پڑا۔ یہ جنگ ملکی بقا اور قومی سلامتی کا ایسا معرکہ ہے جس میں مسلح افواج اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے فرنٹ لائن پر سینہ تان کر کھڑے ہیں۔

کسی بھی قوم کا سب سے بڑا اثاثہ اس کے وہ جوان ہی ہوتے ہیں جو اپنے آج کو قوم کے کل پر قربان کر دیتے ہیں۔ فیلڈ مارشل نے اپنے خطاب میں اس حقیقت کو احسن انداز میں اجاگر کیا کہ شہدا اور غازی اس قوم کا دائمی اور لازوال فخر ہیں' انکی عزت' تکریم اور ان کے خاندانوں کی قربانی ہر پاکستانی کیلئے ایک مقدس امانت کا درجہ رکھتی ہے۔ ہمارے غازیوں نے عزم وہمت کی جو داستانیں رقم کی ہیں' وہ بھی آنیوالی نسلوں کیلئے مشعلِ راہ ہیں۔ اگر ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ کی ہولناکی اور پاکستان کی قربانیوں کا جائزہ لیں تو اعداد وشمار لرزا دینے والے ہیں۔ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران دس ہزار سے زائد فوجی افسران اور جوانوں نے مادرِ وطن پر اپنی جانیں نچھاور کی ہیں اور اس طرح سکیورٹی فورسز نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور بے پناہ لگن کے ذریعے ملکی سرحدوں اور اندرونی امن کا تحفظ ممکن بنایا۔ اگر ہم گزشتہ پانچ برس کا جائزہ لیں تو سکیورٹی امور سے متعلق ایک ادارے کی رپورٹ کے مطابق 2021ء میں 226 سکیورٹی فورسز اہلکار شہید ہوئے' 2022ء میں 379' 2023ء میں 532' 2024ء میں 754 اور 2025ء میں 1229۔ انہی سالوں میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والے شہریوں کی تعداد بالترتیب 215' 229' 398' 582 اور 655 تھی۔ یعنی سکیورٹی فورسز کے جوان عام شہریوں کی نسبت کہیں زیادہ قربانیاں پیش کر رہے ہیں اور ان قربانیوں کا ثمر ہمیں محفوظ پاکستان کی صورت میں نظر بھی آ رہا ہے۔ آج کا پاکستان اسکی نسبت کہیں زیادہ محفوظ اور مامون ہے' جتنا کہ ایک ڈیڑھ دہائی قبل تک۔ یہ سب سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ قابلیت' عملی حکمت عملی اور بے لوث قربانیوں ہی کا نتیجہ ہے۔ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ پاکستان کے علاقائی اور عالمی بدخواہ اپنے تمام تر مادی' مالی وعسکری وسائل کیساتھ ریاست کو کمزور کرنے کے درپے ہیں اور اپنی پراکسیز کے ذریعے ملک کی بنیادوں کو کمزور بنانا چاہتے ہیں مگر دشمنوں کی تمام تر سازشوں کے باوجود' سکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز نے دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کو جڑوں سے اکھاڑ پھینکا ہے اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔ مادرِ وطن کے یہ جانباز حقیقی معنوں میں ملک وقوم کیلئے نویدِ حیات ثابت ہوئے ہیں۔ شہدا کا لہو قوم کو یہ پیغام دیتا ہے کہ حالات کتنے ہی مشکل کیوں نہ ہوں' قوت اخوتِ عوام اور یکجہتی ہی ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ شہدا کی قربانیوں کا قرض نہیں اتارا جا سکتا مگر ان نظریات اور مقاصد کیساتھ' جن کیلئے شہدا نے اپنی جانیں قربان کیں' ہم اپنی وفاداری اور وابستگی ظاہر کر کے انہیں خراجِ تحسین ضرور پیش کر سکتے ہیں۔ دفاعِ وطن کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں' انتہا پسندانہ سوچ کی حوصلہ شکنی کریں اور دفاعی اداروں کیخلاف منفی پروپیگنڈا اور جعلی خبروں کی بیخ کنی کریں۔

ہنگامی حالات میں تعلیمی اداروں کی بندش: ایک قومی تشویش

اظہار خیال
محمد امجد

کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال میں اسکولوں، کالجوں اور دیگر تعلیمی اداروں کو سب سے پہلے کیوں بند کیا جاتا ہے، اور سب سے زیادہ متاثر بھی یہی کیوں ہوتے ہیں؟

یہ حقیقت ہے کہ طلبہ وطالبات بچے ہوتے ہیں، جو نہ صرف اپنے والدین کی سب سے بڑی فکر ہوتے ہیں بلکہ پورے معاشرے کی توجہ اور اہمیت کا مرکز بھی ہوتے ہیں۔ ان کی حفاظت کو سب سے زیادہ ترجیح دی جاتی ہے۔

اگر ہم صرف گزشتہ چند برسوں پر نظر ڈالیں تو یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ ہمارے معاشرے میں تعلیم کا شعبہ مختلف نامساعد حالات کی وجہ سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ چاہے کورونا وائرس ہو، شدید سردی، ناقابلِ برداشت گرمی، بارش، طوفان، دھند یا اسموگ، تعلیمی ادارے فوری طور پر بند کر دیے جاتے رہے ہیں۔ اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

بھی ایک حقیقت ہے کہ کورونا کے زمانے سے تعلیمی اداروں نے آن لائن تعلیم کے طریقہ کار کو اپنایا تا کہ تعلیمی عمل جاری رہ سکے اور طلبہ کا تعلیمی نقصان کم سے کم ہو۔ لیکن اصل سوال یہ ہے کہ کیا آن لائن کلاسیں واقعی طلبہ کی تعلیمی کمی کو پورا کرنے میں کامیاب رہی ہیں؟ کیا آن لائن تعلیم طلبہ میں نظم وضبط، سماجی تعلقات اور ہم نصابی سرگرمیوں کو فروغ دے سکتی ہے؟ بہت سے ماہرینِ تعلیم کے مطابق بچوں کی درست ذہنی اور جسمانی نشوونما کے لیے ہم نصابی سرگرمیاں اتنی ہی ضروری ہیں جتنی رسمی تعلیم۔

یونیسکو کی 2026 کی رپورٹ کے مطابق پاکستان دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے جہاں اسکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ پاکستان میں پنجاب اس حوالے سے پہلے نمبر پر ہے۔ پاکستان میں تقریباً 1.25 سے 2.26 ملین بچے، جن کی عمریں 5 سے 16 سال کے درمیان ہیں، اسکول سے باہر ہیں۔ یہ تعداد ملک کے تقریباً 39 فیصد اسکول جانے کی عمر کے بچوں پر مشتمل ہے، جن میں 53 فیصد لڑکیاں ہیں۔

حالیہ ایندھن بحران کی وجہ سے ایک مرتبہ پھر تعلیمی ادارے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ ان کے لیے ہفتے میں تین دن کی تعطیل کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ پاکستان میں طلبہ کی ایک بڑی تعداد ایسے اسکولوں میں تعلیم حاصل کرتی ہے جو ان کے گھروں کے قریب ہوتے ہیں، اور اکثر بچے پیدل یا سائیکل پر اسکول جاتے ہیں۔ والدین کی وہ تعداد نسبتاً کم ہے جو اپنے بچوں کو موٹر سائیکل، گاڑی یا رکشے پر اسکول چھوڑتے ہیں، جبکہ فاصلہ بھی عموماً کم ہوتا ہے۔ اس لیے ایندھن کا استعمال بہت زیادہ نہیں ہوتا۔

تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق پاکستان تعلیم کے شعبے میں دنیا کے 193 ممالک میں 164 ویں نمبر پر ہے۔ بین الاقوامی سطح پر پاکستان ان ممالک میں بھی شامل ہے جہاں شرحِ خواندگی کم ہے، جو تقریباً 58 سے 62 فیصد کے درمیان ہے۔

تاہم یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ معاشرے کے دیگر شعبے، چاہے وہ سرکاری ہوں یا نجی، صنعتیں ہوں یا فیکٹریاں، ٹرانسپورٹ ہو یا تعمیرات، یقیناً اس ایندھن کی کمی سے متاثر ہو رہے ہیں اور اس کے باوجود اپنے معاملات چلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن طلبہ، جنہیں معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی اور قوم کا مستقبل سمجھا جاتا ہے، سب سے زیادہ نقصان اٹھا رہے ہیں۔ آج ہمیں مثبت منصوبہ بندی اور پیشگی تیاری کی ضرورت ہے تا کہ مستقبل میں کسی بھی قسم کے حالات یا واقعات کے دوران طلبہ کی تعلیم متاثر نہ ہو۔

سوال کرنا کیوں ضروری ہے؟

بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے دورہ ناروے کے دوران ناروے کی صحافی ہیلے لینگے سوندسن کے ایک سوال نے نہ صرف نریندر مودی کو بدحواس کیا، وزارت خارجہ کے ترجمانوں کو ان کی پریس کانفرنس میں لاجواب کر دیا بلکہ بھارت میں آزادی رائے، جمہوری معاشرے میں سوال کی اہمیت اور خودمختار صحافت پر جاندار مباحثہ کا آغاز ہوا۔ یہی سوال کی طاقت ہے۔

کوئی صحافی اپنے سوال کے ذریعے نہ تو کسی سیاسی لیڈر کی رائے تبدیل کر سکتا ہے اور نہ ہی وہ کسی پالیسی پر اثر انداز ہونے کی طاقت رکھتا ہے۔ اس کے باوجود جب نریندر مودی جیسے نام نہاد جمہوری لیڈر میڈیا کے سوالوں کا جواب دینے سے گریز کرتے ہیں تو اس کا مطلب صرف یہ ہوتا ہے کہ وہ خود جانتے ہیں کہ وہ اپنی اصول پسندی کے جو بلند بانگ دعوے کر رہے ہیں، ان کی حقیقت ان کے مزید نمایاں ہوئی ہے۔ اس سے واضح ہوا ہے کہ بھارتی وزیر اعظم درحقیقت کیا چھپانے کے لیے سوالوں کے جواب نہیں دیتے۔ اس سے یہ بھی پتہ چلا کہ ایک سادہ سوال بعض اوقات دینا کے بڑے اور طاقت ور لیڈر کو بدحواس کرنے کے لیے کافی ہوتا ہے۔ اسی لیے بھارت کی کانگرس پارٹی نے مودی کے طرزِ عمل کو شرمناک قرار دیا اور اسی لیے بنگال کی ترنمول کانگرس پارٹی کو یہ کہنے کی ضرورت محسوس ہوئی کہ 'محترمہ ہیلے لینگے، انڈیا کی

محکمہ صحت میں بدعنوانی — خاموشی کب ٹوٹے گی؟

نشر
فیصل درانی

صحت کا شعبہ کسی بھی ریاست کی بنیادی ذمہ داری تصور کیا جاتا ہے۔ گزشتہ تین برسوں سے محکمہ صحت شدید بدانتظامی، کرپشن اور بیوروکریسی کی نااہلی کا شکار ہے۔ یہی وہ محکمہ ہے جس پر عوام اپنی زندگی، علاج اور امیدوں کا بوجھ رکھتے ہیں۔ مگر افسوس کہ ہمارے ہاں محکمہ ؟ صحت میں بدعنوانی، اقربہ پروری اور دھونس دھاندلی اس حد تک سرایت کر چکی ہے کہ یہ ادارہ عوامی خدمت کے بجائے مخصوص مفادات کا گڑھ بنتا جا رہا ہے۔

ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کرپٹ افسران اس محکمے کو دیمک کی طرح اندر ہی اندر چاٹ رہے ہوں۔ میرٹ کی جگہ سفارش نے لے لی ہے، ایماندار افسران دیوار سے لگا دیے گئے ہیں جبکہ من پسند افراد کو اہم عہدوں پر نوازا جا رہا ہے۔ تقرریوں سے لے کر تبادلوں تک، ہر معاملہ سوالیہ نشان بن چکا ہے۔ کئی ہسپتالوں میں ادویات کی کمی، مشینری کی خرابی اور عملے کی غیر حاضری معمول بنتی جا رہی ہے، مگر ذمہ داران بدستور طاقت کے ایوانوں میں محفوظ بیٹھے ہیں۔

افسوسناک پہلو یہ ہے کہ اعلیٰ حکام کی پراسرار خاموشی نے عوامی شکوک میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ اگر سب کچھ شفاف ہے تو پھر شکایات کا نوٹس کیوں نہیں لیا جاتا؟ اگر محکمہ درست سمت میں چل رہا ہے تو عوامی مسائل روز بروز سنگین کیوں ہو رہے ہیں؟ یہ سوالات آج ہر شہری کے ذہن میں گردش کر رہے ہیں حتیٰ کہ محکمہ صحت میں کرپشن کی گونج مختلف آڈٹ اعتراضات اور تحقیقات کے ذریعے بھی سامنے آئی ہیں، جن میں جعلی بھرتیاں، ڈیلی ویجز کی بھرمار، غیر قانونی ادائیگیاں، اور خریداری میں بے ضابطگیاں شامل ہیں۔

حتیٰ کہ کئی افسران کو ان کے اپنے عہدوں کے علاوہ کئی کئی اہم ترین عہدوں پر تعینات کر دیا اور ان کی تعیناتی سے محکمے صحت بربادی کہ دہانے پر پہنچ گیا۔

اڈٹ رپورٹ کے مطابق پنجاب ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں جعلی بھرتیوں کے ذریعے تقریباً 3 کروڑ روپے کی خرد برد سامنے آئی، جس میں " گھوسٹ ملازمین" تنخواہیں لیتے رہے۔

آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹ 2024-25 میں پنجاب حکومت کے مختلف محکموں میں 1 ٹریلین روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کا ذکر کیا گیا، جن میں ہیلتھ سیکٹر بھی شامل ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی میں 85.161 ملین روپے کی مبینہ خرد برد، جعلی ریکارڈ، اور شیل کمپنیوں کے ذریعے خریداری کی بے ضابطگیاں رپورٹ ہوئیں۔ پنجاب اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے صحت کے محکمے میں ادویات کی خریداری اور جرمانوں کی عدم وصولی سمیت کروڑوں روپے کی بے ضابطگیوں پر کارروائی کی ہدایات دیں۔ بدقسمتی سے محکمہ ؟ صحت میں بعض عناصر نے اختیار کو خدمت کے بجائے ذاتی مفادات کے لیے استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔ دھونس دھاندلی کے ذریعے ماتحت عملے کو دبایا جاتا ہے جبکہ حق بات کرنے والوں کو انتقامی کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نتیجتاً ادارے کا ماحول خوف، بے یقینی اور ناانصافی کی تصویر بن چکا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت فوری طور پر محکمہ ؟ صحت میں جاری بے ضابطگیوں کا غیر جانبدارانہ آڈٹ کروائے، کرپشن میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے۔ کیونکہ جب صحت جیسے حساس شعبے میں بدعنوانی جڑ پکڑ لے تو اس کا نقصان صرف ادارے تک محدود نہیں رہتا بلکہ پوری قوم اس کی قیمت چکاتی ہے۔

محکمہ صحت میں کرپشن کا ناسور اس قدر پھیل چکا ہے کہ عوام کو بنیادی طبی سہولیات تک میسر نہیں رہیں۔ سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی قلت، مشینری کی خرابی، ڈاکٹروں اور عملے کی کمی، جبکہ فنڈز کی بے ضابطگیاں معمول بن چکی ہیں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بعض بیوروکریٹس اور بااثر عناصر قومی خزانے کو بے دردی سے لوٹ رہے ہیں، جس کے باعث غریب عوام علاج جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہو رہے ہیں۔

عید سے قبل پنجاب فوڈ اتھارٹی کا بڑا آپریشن

عیدالاضحیٰ سے قبل پنجاب فوڈ اتھارٹی نے صوبہ بھر میں خوراک کے معیار کو یقینی بنانے کیلئے تاریخ کا بڑا کریک ڈاؤن شروع کر دیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا کی قیادت میں لاہور سمیت مختلف اضلاع میں فوڈ سیفٹی ٹیمیں متحرک ہیں اور ملاوٹ مافیا، جعلی مشروبات تیار کرنے والوں، مضر صحت گوشت سپلائرز، غیر قانونی سلاٹر ہاؤسز اور ناقص خوراک فروخت کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر جاری اس صوبہ گیر آپریشن میں ہزاروں لیٹر ناقص مشروبات، سینکڑوں کلو مضر صحت گوشت، جعلی مصالحے، ملاوٹی دودھ اور غیر معیاری اشیائے خورونوش ضبط کر کے تلف کی جا چکی ہیں۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 38 ویں کامن سے تعلق رکھنے والے سید موسیٰ رضا نے بطور ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی ذمہ داریاں سنبھالتے ہی ادارے کو مزید فعال، متحرک اور سخت نگرانی والے نظام میں تبدیل کر دیا ہے۔ وہ اس سے قبل لاہور، بھکر، میانوالی، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان اور دیگر اضلاع میں بطور ڈپٹی کمشنر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ان کی زیرِ نگرانی پنجاب فوڈ اتھارٹی نے صحت دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ کر رکھی ہے۔ لاہور میں عید سے قبل فوڈ سیفٹی ٹیموں نے بڑے پیمانے پر فوڈ پوائنٹس، بیکریوں، کولڈ ڈرنک سٹورز، دودھ کی دکانوں، ریسٹورنٹس، گوشت سپلائی پوائنٹس اور پروڈکشن یونٹس کی چیکنگ کی۔ کارروائیوں کے دوران 15 ہزار لیٹر ناقص اور غیر معیاری کولڈ ڈرنکس برآمد کر کے تلف کی گئیں۔ حکام کے مطابق ان مشروبات میں ناقص میٹیریل استعمال کیا جا رہا تھا جبکہ کئی جگہوں پر معروف برانڈز کی جعلی پیکنگ بھی پکڑی گئی۔ متعدد فوڈ پوائنٹس کو بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ کئی یونٹس کی پروڈکشن اصلاح تک بند کر دی گئی۔ راجن پور میں پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مصالحوں میں رنگ کی ملاوٹ ثابت ہونے پر کریانہ سٹور مالکان کے خلاف ایف آئی آر درج کی جبکہ 218 کلو ملاوٹی مصالحے، 30 کلو ممنوعہ جائنہ نمک اور 50 کلو ملاوٹی چائے کی پتی تلف کی گئی۔ اسی طرح دودھ کے سیمپل فیل ہونے پر ملک شاپس بند کر کے مقدمات درج کیے گئے۔ خان پور میں جعلی جوس تیار کرنے والے یونٹس پر کارروائی کرتے ہوئے 1500 لیٹر مضر صحت جوس تلف کیا گیا جبکہ ملاوٹی دودھ فروخت کرنے والی دکانوں کے مالکان کو گرفتار بھی کیا گیا۔ فوڈ اتھارٹی حکام کے مطابق دودھ میں قدرتی غذائیت اور فیٹ کی شدید کمی پائی گئی تھی۔ لیہ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی نے محکمہ لائیو سٹاک اور پنجاب پولیس کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے 200 کلو مضر صحت گوشت برآمد کیا جبکہ بعد ازاں 1170 کلو مردہ مرغیوں کا گوشت بھی پکڑا گیا جو مختلف ہوٹلوں اور فاسٹ فوڈ پوائنٹس پر سپلائی کیا جانا تھا۔ ویٹرنری ڈاکٹرز نے گوشت کو انسانی صحت کیلئے انتہائی خطرناک قرار دیا۔ کوٹ ادو میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 8 فوڈ پوائنٹس پر کارروائیاں کرتے ہوئے 100 لیٹر ملاوٹی دودھ، 3900 سانچے ایکسپائرڈ کینڈیز، 60 کلو ناقص ہلدی، ملاوٹی چنے کا آٹا، بسکٹس اور دیگر غیر معیاری اشیاء تلف کر دیں جبکہ متعدد فوڈ پوائنٹس کو ایک لاکھ 37 ہزار روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔ خانیوال میں جعلی جوس، ناقص کولڈ ڈرنکس، جعلی واٹر پلانٹس، خراب انڈوں سے بیکری آئٹمز تیار کرنے والے یونٹس اور غیر قانونی سلاٹر ہاؤسز کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں کی گئیں۔ 2070 لیٹر جعلی و زائد المیعاد مشروبات، 1200 لیٹر جعلی پانی، 600 درجن خراب انڈے، فنگس زدہ اچار، ناقص قلفیاں اور مضر صحت گوشت تلف کیا گیا جبکہ متعدد مقدمات درج کیے گئے۔ وہاڑی میں مضر صحت گوشت، ناقص قلفیوں اور ملاوٹی دودھ فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں جبکہ ملتان میں دودھ میں ملاوٹ ثابت ہونے پر ملک شاپس بند کر کے مالکان کے خلاف ایف آئی آر درج کر دی گئی۔ سرگودھا میں غیر قانونی سلاٹر ہاؤس سے 300 کلو ناقص گوشت برآمد کیا گیا جبکہ راولپنڈی میں 1500 لیٹر ناقص کولڈ ڈرنکس ضبط کر کے تلف کی گئیں۔ بھکر میں مصالحہ جات یونٹ کے لال مرچ سیمپل رنگ کی ملاوٹ پر فیل ہونے کے بعد مالک کو گرفتار کر لیا گیا۔ بہاولنگر میں جعلی دودھ تیار کرنے والے دو ملزمان کو عدالت نے مجموعی طور پر 12 سال 6 ماہ قید اور ڈیڑھ کروڑ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق یہ فیصلہ ملاوٹ مافیا کیلئے واضح پیغام ہے کہ انسانی صحت سے کھیلنے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا کا کہنا ہے کہ عید کے موقع پر شہریوں کو محفوظ، معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملاوٹ، جعلسازی اور ناقص خوراک تیار کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی جبکہ شہری کسی بھی شکایت کی صورت میں پنجاب فوڈ اتھارٹی ہیلپ لائن 1223 پر فوری اطلاع دیں۔

تاریخ کا سبق

یورپ میں بھی عیسائیوں کے اپنے فرقے ہیں، بالکل سنی شیعہ کی طرح۔ فرق صرف اتنا ہے کہ یہ فرقے اسلام کے بعد وجود میں آئے۔ اسلام 610 میں آیا، اور عیسائیوں کا سب سے بڑا پھوٹ 1054 میں ہوا۔ اس وقت روم کا پوپ اور قسطنطنیہ کا پادری یہ طے نہیں کر پا رہے تھے کہ چرچ کا سربراہ کون ہوگا۔ بات یہاں تک بڑھی کہ دونوں نے ایک دوسرے پر لعنت بھیج دی۔ اس دن سے کیتھولک اور آرتھوڈوکس الگ ہو گئے۔ آج بھی کیتھولک اٹلی، اسپین، فرانس، پولینڈ، آئرلینڈ میں ہیں۔ آرتھوڈوکس زیادہ تر روس، یونان، سربیا، بلغاریہ، یوکرین میں غالب ہیں۔ اس کے بعد سولہویں صدی کے اوائل میں جرمنی کا ایک پادری مارٹن لوتھر کھڑا ہوا اور کہا کہ پوپ غلط ہے، ہر انسان خود بائبل پڑھے اور خود سمجھے۔ اس سے پروٹسٹنٹ تحریک شروع ہوئی۔ یہ لوگ جرمنی، برطانیہ، نیدرلینڈز، سویڈن، ناروے، امریکہ میں پھیل گئے۔ پروٹسٹنٹ کے اندر ہی آگے چل کر لوتران، انگلیکن، بپٹسٹ، پینٹی کوسٹل جیسے ہزاروں چھوٹے گروہ بن گئے۔ یعنی اسلام کے 900 سال بعد بھی یورپ یہی طے کر رہا تھا کہ یسوع خدا ہے یا نبی، اور بائبل میں کون سی کتاب شامل ہوگی کون سی نہیں۔

اس میں اتنے گروہ بن گئے کہ لوگ لمبی تحریریں پڑھتے تھے۔ اندلس کی تاریخ پڑھو، خاص کر خلیفہ عبدالرحمٰن ثالث کا دور اسی طرح بخارا اور سمرقند بھی علم کے مرکز تھے۔ امام بخاری، امام ترمذی، امام ماتریدی یہیں پیدا ہوئے۔ ابن سینا بخارا کا تھا۔ سمرقند میں امیر تیمور کے پوتے الغ بیگ نے 1420 میں ایک رصدگاہ بنائی جس میں ستاروں کے مقام اتنی درستگی سے ناپے گئے کہ یورپ کے ٹائکو براہے نے بھی اسے نقل کیا۔

یہاں کاغذ، کیمیا، فلکیات، طب، ریاضی سب پڑھائی جاتی تھی۔ اور یورپ اس وقت کہاں تھا؟ تاریخ والے خود اس دور کو ڈارک ایج کہتے ہیں۔ چرچ کا فیصلہ تھا کہ زمین چپٹی ہے، سورج زمین کے گرد گھومتا ہے۔ جو یہ سوال کرے اسے زندہ جلا دیا جاتا تھا۔ گلیلیو کو اسی لیے سزا ہوئی۔ سائنس کو گناہ سمجھا جاتا تھا، تجارت کم تھی، شہر گندے تھے، طاعون جیسی بیماریوں نے لاکھوں لوگ مار دیے۔ جب مسلمانوں کی کتابیں سپین اور صقلیہ کے راستے لاطینی میں ترجمہ ہوئیں تب جا کر یورپ نے پڑھنا لکھنا شروع کیا۔ ریناسانس نام سنا ہے؟ وہ اسی سے نکلا۔ کاغذ خود مسلمانوں نے چین سے سیکھ کر یورپ کو دیا۔ نمبرز بھی وہی ہیں جو آج تم استعمال کرتے ہو، وہ عربی ہندسے ہیں۔ آج یورپ باہر سے تو جنت لگتا ہے۔ پیرس کے برج، روم کی سڑکیں، لندن کی عمارتیں سب چمک رہی ہیں۔ لیکن اندر سے کہانی مختلف ہے۔ کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کا جھگڑا شمالی آئرلینڈ میں 1990 تک خون بہاتا رہا۔ یوگوسلاویہ ٹوٹا تو کیتھولک کروات، آرتھوڈوکس سرب اور مسلمان بوسنیائی ایک دوسرے کے گلے پڑ گئے۔ سراجیوو میں ایک لاکھ لوگ مارے گئے۔ آج بھی روس اور یوکرین کی جنگ میں آرتھوڈوکس چرچ کا اقتدار ایک چھپی ہوئی وجہ ہے۔ روس کا چرچ ماسکو کو تیسری روم کہتا ہے اور یوکرین کے چرچ کو غاصب سمجھتا ہے۔ زیادہ تر لوگ کہتے ہیں کہ روس نے یوکرین پر کیوں حملہ کیا، تو لوگ ایک بات کہتے ہیں کہ یوکرین نیٹو میں شامل ہونا چاہتا تھا۔ جو یہ بات کہتے ہیں وہ سچ کم ہیں زیادہ نہیں۔

یوکرین نے روس کے چرچ سے آزادی کا اعلان کیا اور کیتھولک چرچ کی طرف مائل ہو گیا، جو پیکن سٹی اور امریکہ، یورپ والا ہے۔ تو روس نے امریکہ، یورپ اور نیٹو کا خطرہ محسوس کیا تو حملہ کیا۔ لیکن صرف چرچ نہیں، پیچھے سیاسی مفادی اسباب بھی تھے۔ لیکن چرچ کے مسئلے سے یوکرین اور روس کے تعلقات خراب ہوئے۔ قومی سطح پر بھی یورپ ٹوٹا ہوا ہے۔ اسپین میں کاتالان لوگ سالوں سے ریفرنڈم مانگ رہے ہیں۔ برطانیہ میں اسکاٹ لینڈ دوبارا لگ ہونے کی کوشش کر چکا ہے۔ بیلجیم میں فلش اور والون ایک دوسرے کی زبان تک نہیں بولتے۔ فرانس میں بنلیو کے علاقوں میں ہر دوسرے سال نسلی فسادات پھوٹ پڑتے ہیں۔

لیکن یہ سب باتیں اسرائیل نواز لعنتی میڈیا نہیں بتاتا۔ میڈیا بس کہتا ہے شام میں یہ ہو گیا، سنی شیعہ، عرب، ایران۔ بس یہ۔ یورپ کے فسادات اور ظلم پر کچھ نہیں بولتا۔ یورپ کی آبادی بوڑھی ہو چکی ہے۔ جرمنی، اٹلی، اسپین میں شرح پیدائش اتنی گر گئی ہے کہ آبادی کم ہو رہی ہے۔ لوگ چرچ چھوڑ رہے ہیں۔ جرمنی میں 2022 میں ساڑھے پانچ لاکھ لوگوں نے چرچ سے نام نکلوا دیا، چرچ خالی پڑے ہیں اور مساجد میں نمازی بڑھ رہے ہیں۔ مہاجرین کا مسئلہ، مہنگائی، منشیات، تنہائی نے معاشرے کو اندر سے کھوکھلا کر دیا ہے۔ عیسائیوں اور یہودیوں نے اپنا مذہب بھی خود بدل دیا۔

پروٹسٹنٹ نکلے تو بائبل میں سے سات کتابیں ہی نکال دیں۔ کیتھولک کی بائبل میں 73 کتابیں ہیں، پروٹسٹنٹ میں 66 رہ گئیں۔ یعنی خود ہی فیصلہ کر لیا کہ خدا کا کلام یہ ہے، یہ نہیں ہے۔ آج مغربی چرچ ہم جنس پرستی، شادی کے بغیر تعلق، عورت کی پادریت سب جائز قرار دے رہے ہیں۔

تنہا مسافر

ڈائجسٹ

تحریر: محمود ڈھلوں

جاڑے کی یخ بستہ رات تھی۔ آسمان پر کالے بادل چھائے ہوئے تھے اور ٹھنڈی ہوا ہڈیوں تک اتر رہی تھی۔ دور دور تک سناٹا پھیلا ہوا تھا۔ سڑک کے کنارے کھڑے خشک درخت ایسے محسوس ہوتے تھے جیسے اندھیرے میں کوئی خاموش سایے کھڑے ہوں۔ کبھی کبھار ہوا کے جھونکے سے درختوں کی شاخیں ہلتیں تو عجیب سی سرسراہٹ پیدا ہوتی، جیسے کوئی آہستہ آہستہ سرگوشیاں کر رہا ہو۔

اس سنسان راستے پر ایک تنہا مسافر آہستہ آہستہ چل رہا تھا۔ اس نے ایک موٹی شال اپنے گرد لپیٹ رکھی تھی، مگر سردی پھر بھی اس کے جسم میں تیر کی طرح چبھ رہی تھی۔ اس کے ہاتھ میں ایک پرانا بیگ تھا اور چہرے پر تھکن کے آثار نمایاں تھے۔

اس کا نام سلیم تھا۔ وہ ایک دور دراز گاؤں جانے کے لیے نکلا تھا، مگر آخری بس خراب ہونے کی وجہ سے اسے باقی راستہ پیدل طے کرنا پڑ رہا تھا۔ اردگرد کئی میل تک کوئی آبادی نہ تھی۔ صرف لمبی تاریک سڑک اور خوفناک خاموشی۔

سلیم نے گھڑی دیکھی۔ رات کے گیارہ بج رہے تھے۔

اچانک دور کہیں سے کتے کے بھونکنے کی آواز آئی۔ سلیم کے قدم ایک لمحے کے لیے رک گئے۔ اس نے اِدھر اُدھر دیکھا، مگر سوا اندھیرے کے کچھ دکھائی نہ دیا۔ اس نے دل مضبوط کیا اور دوبارہ چلنے لگا۔

چند قدم ہی چلا ہوگا کہ اسے محسوس ہوا جیسے کوئی اس کے پیچھے آ رہا ہو۔

ٹھک... ٹھک... ٹھک...

قدموں کی دھیمی آواز۔

سلیم کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا۔ اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا، مگر وہاں کوئی نہ تھا۔ صرف دھند اور اندھیرا۔

"شاید میرا وہم ہے"... اس نے خود سے کہا اور رفتار تیز کر دی۔

مگر قدموں کی آواز بھی تیز ہو گئی۔

ٹھک... ٹھک... ٹھک...

اب آواز بالکل قریب محسوس ہو رہی تھی۔

سلیم کے ماتھے پر پسینہ نمودار ہو گیا، حالانکہ سردی شدید تھی۔ اس نے کانپتی آواز میں پوچھا،

"کون ہے...؟"

کوئی جواب نہ آیا۔

اچانک تیز ہوا چلی اور سڑک کنارے لگا ایک بوسیدہ بورڈ زور سے ہلا۔ چرر... کی خوفناک آواز فضا میں گونج اٹھی۔ سلیم نے گھبرا کر تیز چلنا شروع کر دیا۔

کچھ دور آگے اسے ایک مدھم سی روشنی دکھائی دی۔ اندھیرے میں وہ روشنی امید کی کرن لگ رہی تھی۔ سلیم نے سکون کا سانس لیا اور جلدی جلدی اس طرف بڑھنے لگا۔

وہ ایک پرانی سی چائے کی دکان تھی۔ دکان کے باہر زنگ آلود لالٹین لٹک رہی تھی۔ اندر ایک بوڑھا آدمی انگیٹھی

انٹرنیشنل

غزہ کی پٹی کے شمال میں الطوام کے علاقے میں اسرائیلی فضائی حملے کے بعد الشفا ہسپتال میں اسرائیلی فضائی حملے میں ہلاک ہونے والے ایک زخمی کے اہل خانہ اور دوست سوگ منا رہے ہیں

معاہدہ ہوا تو بھی آبنائے ہرمز ایران کے کنٹرول میں رہے گی، ایران

تہران (این این آئی) ایرانی فوج کے خاتم الانبیا مرکزی ہیڈکوارٹر کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ابراہیم ذوالفقاری نے کہا ہے کہ مستقبل میں معاہدہ ہونے کی صورت میں بھی آبنائے ہرمز مکمل طور پر ایرانی انتظامیہ کے کنٹرول میں رہے گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے ٹرانزٹ کے راستے، اوقات اور میری ٹائم لائسنسوں کا اجرا ایرانی حکام ہی کریں گے۔ اس سے پہلے امریکی صدر نے کہا تھا کہ ایران سے ڈیل کی صورت میں آبنائے ہرمز کھل جائے گی۔ ٹرانزٹ کے راستے، اوقات اور میری ٹائم لائسنسوں کا اجرا ایرانی حکام ہی کریں گے، ابراہیم ذوالفقاری

میڈرڈ، سپین میں اسپین کے وزیراعظم پیڈرو سانچیز اور حکومت کے خلاف مظاہرے کے دوران ایک مظاہرین نے VOX پلے کارڈ اٹھا رکھا ہے

ایران کیساتھ معاہدہ اسرائیل کیلئے بڑا اسکیورٹی چیلنج بن سکتا ہے، لنزے گراہم

آبنائے ہرمز پر کنٹرول ایران کے مستقل دباؤ اور بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کا سبب بن سکتا ہے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹر لنزے گراہم نے خبردار کیا کہ ایران کیساتھ معاہدہ اسرائیل کیلئے بڑا اسکیورٹی چیلنج بن سکتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق لنزے گراہم نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں لکھا کہ اگر ایران کے ساتھ تنازع کے خاتمے کے لیے کوئی معاہدہ اس بنیاد پر کیا جاتا ہے کہ آبنائے ہرمز کو ایرانی خطرات سے محفوظ نہیں بنایا جا سکتا اور ایران کے پاس تیل تنصیبات کو شدید نقصان پہنچانے کی صلاحیت رہی تو ایران کو خطے میں ایک غالب قوت کے طور پر دیکھا جائے گا۔ لنزے گراہم نے یہ بھی کہا کہ ایران کا آبنائے ہرمز پر کنٹرول اور خلیجی ممالک کو نشانہ بنانے کی صلاحیت خطرناک ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسا معاہدہ جس کے نتیجے میں ایران مستقبل میں آبنائے ہرمز پر اپنا اثر و رسوخ برقرار رکھنے یا کنٹرول کی صلاحیت حاصل کر لے، خطے میں ایران کے مستقل دبا اور بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کا سبب بن سکتا ہے۔ کہ آبنائے ہرمز کو ایرانی خطرات سے محفوظ نہیں بنایا جا سکتا اور ایران کے پاس تیل تنصیبات کو شدید نقصان پہنچانے کی صلاحیت رہی تو ایران کو خطے میں ایک غالب قوت کے طور پر دیکھا جائے گا۔ لنزے گراہم نے یہ بھی کہا کہ ایران کا آبنائے ہرمز پر کنٹرول اور خلیجی ممالک کو نشانہ بنانے کی صلاحیت خطرناک ہے۔

ٹرمپ کی موجودگی میں وائٹ ہاؤس کے باہر فائرنگ، حملہ آور ہلاک

واقعے میں کوئی اہلکار زخمی نہیں ہوا، جبکہ حملے کی تحقیقات جاری ہیں، سیکرٹ سروس

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی موجودگی میں وائٹ ہاؤس پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، سیکرٹ سروس کی جوابی کارروائی کے دوران حملہ آور ہلاک جبکہ ایک راہگیر بھی جان کی بازی ہار گیا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس کی سیکیورٹی حدود کے قریب ایک مسلح شخص نے اچانک فائرنگ شروع کر دی۔ سیکرٹ سروس اہلکاروں نے فوری ردعمل دیتے ہوئے حملہ آور پر جوابی فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں وہ مارا گیا۔ فائرنگ کی زد میں آ کر ایک راہگیر بھی زخمی ہوا، جو بعد ازاں اسپتال میں دم توڑ گیا۔ سیکرٹ سروس کے شعب مواصلات کے سربراہ انتھونی گلیلمی کے مطابق واقعے کے وقت صدر ڈونلڈ ٹرمپ وائٹ ہاؤس میں موجود تھے اور ایران کے ساتھ مجوزہ معاہدے سے متعلق مذاکراتی امور میں مصروف تھے، تاہم وہ مکمل طور پر محفوظ رہے۔ حکام کے مطابق واقعہ شام تقریباً 6 بجے پیش آیا، جب مشتبہ شخص نے بیگ سے پستول نکال کر وائٹ ہاؤس کی جانب فائرنگ کی۔ صورتحال کے پیش نظر صدر ٹرمپ کو فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا، جبکہ وائٹ ہاس کو عارضی طور پر لاک ڈان کر دیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز نے علاقے کا گھیرا کرتے ہوئے اطراف اور عمارت کی چھت پر اسنائپرز تعینات کر دیے۔ سیکرٹ سروس کا کہنا تھا کہ واقعے میں کوئی اہلکار زخمی نہیں ہوا، جبکہ حملے کی تحقیقات جاری ہیں۔

خطے میں جنگی ماحول کے باوجود عازمینِ حج کی تعداد میں اضافہ

اگلے 2 دنوں میں عازمین کی تعداد میں مزید اضافے کی توقع ہے، کمانڈر صالح المرابا

ریاض (این این آئی) خطے میں جنگی ماحول کے باوجود حجاج کرام کی تعداد 2025 کے مقابلے میں اس سال زیادہ ہوگئی۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی حکام کا کہنا تھا کہ بیرون ممالک سے سعودی عرب آنے والے عازمین حج کی تعداد 15 لاکھ 18 ہزار 153 ہے۔ سعودی حج پاسپورٹ فورس کے کمانڈر صالح المرابا نے پریس بریفنگ میں کہا کہ اگلے 2 دنوں میں عازمین کی تعداد میں مزید اضافے کی توقع ہے۔ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ کی وجہ سے خلیجی ممالک کی فضائی کمپنیاں مشکلات کا شکار تھیں تاہم اب حج کی وجہ سے انکی پروازیں تیزی سے بحال ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ سعودی حکام کا کہنا تھا کہ پچھلے سال بیرون ممالک سے آئے 15 لاکھ سے زائد حجاج کے ساتھ سعودی عازمینِ حج کی شمولیت سے یہ تعداد 16 لاکھ 73 ہزار 320 ہوگئی تھی۔ اگلے 2 دنوں میں عازمین کی تعداد میں مزید اضافے کی توقع ہے، کمانڈر صالح المرابا

ایران معاہدہ قریب، ٹرمپ کی خطے کے رہنماں سے مشاورت

امریکی صدر کا سعودی عرب، امارات، قطر، مصر، ترکیہ اور پاکستانی رہنماؤں سے مشترکہ رابطہ

واشنگٹن (این این ائی) بھرپور سفارتی سرگرمیوں اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مشرق وسطی اور ایشیا کے متعدد رہنماؤں کے ساتھ علاقائی رابطوں کے درمیان امریکہ اور ایران ایک ایسے معاہدے کے قریب پہنچ رہے ہیں جو لگ بھگ تین ماہ سے جاری جنگ کا خاتمہ کر سکتا ہے۔ ذرائع نے امریکی ٹی وی کو بتایا کہ ٹرمپ نے مشرق وسطی کے رہنماں کے ساتھ انتہائی مثبت گفتگو کی ہے۔ ٹرمپ نے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، مصر، ترکیہ اور پاکستان کے رہنماں کے ساتھ ایک مشترکہ رابطہ کیا جہاں ان میں سے متعدد رہنماں نے ان پر زور دیا کہ وہ تہران کے ساتھ معاہدے کی طرف بڑھیں اور دوبارہ فوجی کشیدگی کی طرف لوٹنے سے گریز کریں۔ باخبر امریکی عہدیدار کے حوالے سے بتایا گیا کہ ٹرمپ انتظامیہ اور ایران جنگ ختم کرنے کے معاہدے کے بہت قریب ہیں اور اشارہ کیا کہ باقی ماندہ اختلافات اس وقت صرف کچھ تکنیکی اور سیاسی نکات کی الفاظ کی ترتیب پر مرکوز ہیں۔ لیکن عہدیدار نے اسی وقت اس بات پر بھی زور دیا کہ ٹرمپ نے ابھی تک حتمی فیصلہ نہیں کیا ہے اور واضح کیا کہ امریکی صدر اب بھی سامنے موجود اختیارات کا جائزہ لے رہے ہیں جن میں مذاکرات ناکام ہونے کی صورت میں دوبارہ فوجی حملے شروع کرنا بھی شامل ہے۔ امریکی صدر کا سعودی عرب، امارات، قطر، مصر، ترکیہ اور پاکستانی رہنماؤں سے مشترکہ رابطہ۔ ٹرمپ انتظامیہ اور ایران جنگ ختم کرنے کے معاہدے کے بہت قریب ہیں اور اشارہ کیا کہ باقی ماندہ اختلافات اس وقت صرف کچھ تکنیکی اور سیاسی نکات کی الفاظ کی ترتیب پر مرکوز ہیں

روس کے ایک بار پھر یوکرین پر ہائپر سونک میزائلوں سے حملے

کیف (این این آئی) روس نے اسکول ہاسٹل پر حملے کے جواب میں یوکرین پر بڑے حملے کر دیئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق روس نے یوکرینی دارالحکومت کیف اور اوڈیسا پر میزائل اور ڈرون حملے کیے۔ کیف پر ہائپر سونک اور شنک میزائلوں سے حملے کیے گئے، دھماکوں کی آوازیں دارالحکومت کیف سے کئی کلومیٹر دور تک سنی گئیں، کئی افراد نے انڈر گراؤنڈ میٹرو اسٹیشنز میں پناہ لے لی۔ یاد رہے کہ روس نے الزام عائد کیا تھا کہ یوکرین نے لوہانسک ریجن میں اسکول ہاسٹل پر حملہ کیا جس کے نتیجے میں 21 افراد ہلاک اور 63 زخمی ہوئے، روسی صدر پیوٹن نے یوکرین کو سخت جواب دینے کیلئے فوج کو تیار رہنے کا حکم دیا تھا۔ دوسری جانب یوکرین نے روسی الزامات کی سختی سے تردید کی تھی۔

فالماؤتھ: ٹرانس جینڈر کارکنان اور اتحادیوں نے پہلے پرائیڈ ایونٹس کی نکس بندی کرتے ہوئے پلے کارڈز اٹھا رکھے ہیں، جو کہ فلماؤتھ کے سالانہ ٹرانس پرائیڈ ایونٹ کے دوران احتجاج

سیؤل: مظاہرین نے پلے کارڈز اٹھا رکھے ہیں اور اسٹار بکس کوریا کے ہیڈکوارٹر کے سامنے 'بائیکاٹ اسٹار بکس' اور 'چنگ یونگ جن کا استعفیٰ' جیسے نعرے لگا رہے ہیں

سپورٹس SPORTS

ایشین مکسڈ مارشل آرٹس چیمپئن شپ، پاکستانی فائٹر شاہ زیب خان فائنل میں پہنچ گئے

تاشقند (این این آئی) پاکستانی فائٹر شاہ زیب خان نے تاشقند میں جاری ایشین مکسڈ مارشل آرٹس چیمپئن شپ کے فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ اطلاعات کے مطابق شاہ زیب خان نے فلپائن، چین اور قازقستان کے مضبوط حریفوں کے خلاف شاندار فتوحات حاصل کر کے فائنل میں جگہ بنائی، ایونٹ سعودی عرب میں ہونے والے ایشین انڈور اینڈ مارشل آرٹس گیمز 2026 کے لیے کوالیفائنگ راؤنڈ کی حیثیت رکھتا ہے۔ شاہ زیب خان ایشین چیمپئن شپ اور ایم ایم اے ورلڈ چیمپئن شپ کے برانز میڈلسٹ رہ چکے ہیں، پاکستان مکسڈ مارشل آرٹس فیڈریشن کے صدر ذوالفقار علی نے توقع ظاہر کی ہے کہ شاہ زیب خان فائنل میں بھی کامیابی کے ساتھ پاکستان کے لیے گولڈ میڈل جیت کر قومی پرچم بلند کریں گے۔

سڈنی: کین روز وال ایرینا میں جائنٹس نیٹ بال اور ترستانیا کارنٹو (ایڈیلیڈ تھنڈر برڈز) کے درمیان راؤنڈ 11 کے سپر نیٹ بال میچ کے دوران تھنڈر برڈز کے ایلیمری وین ڈیر برگ گولی مار رہے ہیں

آکلینڈ: آکلینڈ ایف سی کے ہیرو کی ساکائی اور آکلینڈ ایف سی کے ہیڈ کوچ اسٹیو کوریکا نے گومیڈیا اسٹیڈیم میں آکلینڈ ایف سی اور سڈنی ایف سی کے درمیان اے-لیگ مین گرینڈ فائنل میچ جیتنے کے بعد چیمپئن شپ ٹرافی کو اٹھائی ہوئی ہے

درخواست منظور، ایرانی فٹ بال ٹیم کا ورلڈ کپ بیس کیمپ امریکہ سے میکسیکو منتقل

ٹیم کا تیاری کیمپ بحرالکاہل کے قریب اور امریکی سرحد کے نزدیک واقع میکسیکو کے شہر تیخوانا میں لگایا جائیگا، مہدی تاج

نیویارک (این این آئی) فیفا نے ایران کی جانب سے ورلڈ کپ سے قبل اپنے قومی فٹبال کیمپ کو امریکہ کے بجائے میکسیکو منتقل کرنے کی درخواست منظور کر لی ہے۔ ایران کی فٹبال فیڈریشن کے سربراہ مہدی تاج کے مطابق اب ٹیم کا تیاری کیمپ بحرالکاہل کے قریب اور امریکی سرحد کے نزدیک واقع میکسیکو کے شہر تیخوانا میں لگایا جائے گا۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق مہدی تاج نے کہا کہ فیفا نے قومی ٹیم کے کیمپ کا مقام امریکہ سے میکسیکو منتقل کرنے کی درخواست منظور کر لی ہے۔ واضح رہے کہ ایران کو گزشتہ کئی ماہ سے ورلڈ کپ کے حوالے سے سفری اور سکیورٹی انتظامات پر غیر یقینی صورتحال کا سامنا تھا، یہ ٹورنامنٹ 11 جون سے 19 جولائی تک امریکہ، کینیڈا اور میکسیکو کی مشترکہ میزبانی میں کھیلا جائے گا۔ ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ رواں ماہ تک بھی ٹیم کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کو امریکہ کے ویزے جاری نہیں کیے گئے تھے، حالانکہ عالمی کپ کے آغاز میں ایک ماہ سے بھی کم وقت باقی تھا۔ ٹیم کا تیاری کیمپ بحرالکاہل کے قریب اور امریکی سرحد کے نزدیک واقع میکسیکو کے شہر تیخوانا میں لگایا جائیگا، مہدی تاج

پشاور سے اسکردو 800 کلومیٹر نان اسٹاپ دوڑ، نوجوان ایتھلیٹ نے عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا

قراقرم ہائی وے کے دشوار گزار پہاڑی راستوں، دریائے سندھ کے دلکش مناظر اور گلگت بلتستان کی وادیوں کو عبور کیا

مسلسل دوڑ کی وجہ سے قدم ڈگمگائے، پاکستان اور اپنی قوم کی خاطر کبھی ہمت نہیں ہاری، نوجوان ایتھلیٹ مسعود خان کی گفتگو

سکردو (این این آئی) پشاور سے اسکردو 800 کلومیٹر نان اسٹاپ دوڑ لگا کر نوجوان ایتھلیٹ مسعود خان نے عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ مسعود خان نے پشاور سے اسکردو تک کا طویل اور دشوار گزار راستہ بغیر رکے کامیابی سے طے کر کے یہ غیر معمولی چیلنج مکمل کیا۔ نوجوان نے قراقرم ہائی وے کے دشوار گزار پہاڑی راستوں، دریائے سندھ کے دلکش مناظر اور گلگت بلتستان کی وادیوں کو عبور کیا۔ مسعود خان نے پاکستان میں روس، جاپان اور چین سمیت متعدد ممالک کے ایتھلیٹس کے ساتھ مقابلہ کر کے بے شمار تمغے اپنے نام کیے۔ نوجوان ایتھلیٹ مسعود خان نے کہا کہ آج پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کیا، پشاور سے اسکردو تک طویل دوڑ ایک انوکھا اور اپنی نوعیت کا پہلا کارنامہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتہائی مشکلات کے باوجود 810 کلومیٹر کا یہ عالمی ریکارڈ صرف 9 دن میں مکمل کیا۔ نوجوان ایتھلیٹ مسعود خان نے کہا کہ مسلسل دوڑ کی وجہ سے قدم ڈگمگائے، لیکن پاکستان اور اپنی قوم کی خاطر کبھی ہمت نہیں ہاری، 800 کلومیٹر کا ہدف پورا ہونا میرے اور پورے ملک کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کارنامہ پاکستان کے نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں اور عالمی سطح پر ملک کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں ایک اہم پیش رفت سمجھا جا رہا ہے۔

شان مسعود کو کپتانی سے ہٹا کر قیادت سلمان علی آغا کو دیئے جانے کا امکان

ہیڈ کوچ سرفراز احمد کپتان شان مسعود کی قیادت سے بھی مطمئن نہیں اور متعدد فیصلوں پر ناراضگی کا اظہار کیا، ذرائع

لاہور (این این آئی) بنگلہ دیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز میں عبرتناک شکست کیبعد شان مسعود کی کپتانی خطرے میں پڑ گئی، ٹیم کی قیادت سلمان علی آغا کو دیئے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق بنگلادیش سے مسلسل دوسری سیریز میں شکست کے بعد قومی ٹیسٹ ٹیم کا کپتان تبدیل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ہیڈ کوچ سرفراز احمد کپتان شان مسعود کی قیادت سے بھی مطمئن نہیں اور متعدد فیصلوں پر ناراضگی کا اظہار کیا گیا۔ بتایا گیا کہ شان مسعود اپنی خراب کارکردگی کے باعث اجلاس میں زیادہ گفتگو نہ کر سکے۔ ذرائع کے مطابق ہیڈ کوچ سلمان علی آغا کو قومی ٹیسٹ ٹیم کی قیادت دینے کے حق میں ہیں اور جلد اپنی رپورٹ چیئرمین پی سی بی کو پیش کریں گے۔

پاکستان ون ڈے اسکواڈ کا پریکٹس میچ، شاداب الیون نے شاہین الیون کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی

لاہور (این این آئی) پاکستان ون ڈے اسکواڈ کے پریکٹس میچ میں شاداب الیون نے شاہین الیون کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی۔ شاداب الیون نے شاہین الیون کی جانب سے دیا جانے والا 148 رنز کا ہدف 26.3 اوورز میں حاصل کرلیا، غازی غوری 44 گیندوں پر 41 رنز کے ساتھ نمایاں رہے، یاسر خان 37 رنز بنا کر ریٹائرڈ آؤٹ ہوئے۔ کپتان شاداب خان نے 25 گیندوں پر 31 رنز اسکور کیے۔ شاہین آفریدی نے 4 اوورز میں 13 رنز دے کر ایک وکٹ حاصل کی، نسیم شاہ نے 5 اوورز میں 27 رنز کے عوض ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ سفیان مقیم 6.3 اوورز میں 48 رنز کے عوض ایک وکٹ حاصل کر سکے۔

ٹیم کیلئے کھیلو اپنے لیے نہیں، سرفراز احمد نے ٹیم کو ڈانٹ پلا دی

سینئر کھلاڑیوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس نہیں، ذمہ داری نبھانی چاہیے تھی، کھلاڑیوں نے ایک دوسرے پر ملبہ ڈال دیا

اسلام آباد (این این آئی) بنگلادیش سے شکست کے بعد ٹیم مینجمنٹ نے کھلاڑیوں کو کھری کھری سنا دیں۔ ذرائع کے مطابق ہیڈ کوچ سرفراز احمد نے قومی ٹیسٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کو ڈانٹتے ہوئے کہا کہ ٹیم کے لیے کھیلو اپنے لیے نہیں جس کے بعد کھلاڑیوں نے ملبہ ایک دوسرے پر ڈالنا شروع کر دیا۔ ہیڈ کوچ نے دوٹوک پیغام میں کہا کہ انفرادی کارکردگی کے ساتھ ساتھ ٹیم کا بھی سوچنا پڑے گا، انفرادی کارکردگی ضرور دکھائیں لیکن ٹیم کے لیے بھی پرفارمنس دیں۔ انہوں نے کہا کہ سینئر کھلاڑیوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس نہیں انہیں ذمہ داری نبھانی چاہیے تھے۔ سرفراز احمد کپتان مسعود کی کپتانی سے بھی خفا ہوگئے اور متعدد فیصلوں پر ناراضی کا اظہار کیا، سینئر کھلاڑیوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس نہیں انہیں ذمہ داری نبھانی چاہیے تھے۔ سرفراز احمد کپتان مسعود کی کپتانی سے بھی خفا ہوگئے اور متعدد فیصلوں پر ناراضی کا اظہار کیا ہے کہ ہیڈ کوچ سرفراز احمد جلد پی سی بی کو شکست پر اپنی رپورٹ پیش کریں گے۔ واضح رہے کہ بنگلادیش نے پاکستان کو دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں وائٹ واش کیا تھا، دوسرے ٹیسٹ میں پاکستان کو 78 رنز سے شکست دی تھی۔ سینئر کھلاڑیوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس نہیں، ذمہ داری نبھانی چاہیے تھی، کھلاڑیوں نے ایک دوسرے پر ملبہ ڈال دیا سینئر کھلاڑیوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس نہیں انہیں ذمہ داری نبھانی چاہیے تھے۔ سرفراز احمد کپتان مسعود کی کپتانی سے بھی خفا ہوگئے اور متعدد فیصلوں پر ناراضی کا اظہار کیا سینئر کھلاڑیوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس نہیں انہیں ذمہ داری نبھانی چاہیے تھے۔ سرفراز احمد کپتان مسعود کی کپتانی سے بھی خفا ہوگئے اور متعدد فیصلوں پر ناراضی کا اظہار کیا

ایڈیلیڈ: ایڈیلیڈ اوول میں یارٹا پولٹی (پورٹ ایڈیلیڈ پاور) اور کارلٹن بلیوز کے درمیان راؤنڈ 11 اے ایف ایل میچ کے دوران پاور ہینڈ بالز کے حیسن ہورن۔ فرانسس کو بلیوز کے لاچلان کوان نے نمٹا دیا۔

لندن: چارلٹن ایتھلیک کی سوفی وائٹ ہاؤس نے دی ویلی میں چارلٹن ایتھلیک اور لیسٹر سٹی کے درمیان مرسیڈیز بینز کے میچ میں پلے آف میں پینلٹی شوٹ آؤٹ کے بعد ساتھی ساتھیوں کے ساتھ جیت کا جشن منا رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی وستھرائی کے بھرپور انتظامات کئے جائینگے: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر جانوروں کی آلائشیں اٹھانے اور صفائی کے بھرپور انتظامات کیے جائینگے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں اور باقیات اٹھانے کے لیے دس کوئین سائٹس بنائی گئی ہیں جبکہ تھراہ پنجاب ایجنسی کے تقریباً دو ہزار ورکرز عید کے تینوں ایام میں چوبیس گھنٹے ڈیوٹی دیں گے، تاہم اگر کسی نے چلانوروں کی آلائشیں، باقیات نالیوں، سیوریج میں ڈال کر جگہ جگہ پتھینکیں تو انکے خلاف سخت کاروائی اور 50 ہزار روپے جرمانہ کیا جائے گا۔ عید کے موقعہ پر حافظ آباد کو صاف تھراہ اور آلائشوں سے پاک بنانا ضلعی انتظامیہ، تھراہ پنجاب ایجنسی اور دیگر محکموں کی ذمہ داری ہے تو وہیں عوام الناس کا بھی فرض ہے کہ اپنے شہر کو صاف بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور جانوروں کی آلائشیں کھلی محلوں، سڑکوں، نالیوں اور سیوریج میں نہ پھینکیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمعہ ڈسٹرکٹ پریس کلب/یونین آف جرنلسٹس چودھری امتیاز احمد تاج کی قیادت میں آنے والے میڈیا نمائندگان کو عید کے موقعہ پر صفائی انتظامات کے حوالہ سے بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی و ایم ڈی تھراہ پنجاب ایجنسی خرم حمید بھی بریفنگ کے ساتھ تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ جانوروں کی آلائشیں جمع کرنے کے لیے تھراہ پنجاب ایجنسی کی جانب سے 85 ہزار بیگز تقسیم کیے جارہے ہیں تاکہ شہر جانوروں کی آلائشیں اور باقیات جگہ جگہ پھینکنے کی بجائے ان میں ڈال کر سینٹری پوائنٹ کے حوالہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ عید کے موقعہ پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ڈی سی آفس مرکزی کنٹرول روم قائم کیا جائیگا جبکہ تھراہ پنجاب ایجنسی، میونسپل کمیٹی اور واسا کی جانب سے بھی خصوصی کنٹرول روم قائم کیے گئے ہیں شہر صفائی، تھراہ اور کوڑا اٹھانے کے حوالہ سے کنٹرول روم پر رابطہ کرسکتے ہیں انکے مسائل شکایات کو فوری طور پر حل کیا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ عید سے ایک روز قبل تمام عید گاہوں، بڑی مساجد اور نماز عید کے ادائیگی کے مقامات کی باقاعدہ صفائی دھلائی کروائی جائیگی اور چونا وغیرہ بھی لگایا جائیگا اسی طرح عید کے موقعہ پر تمام اہم شاہراؤں، عوامی مقامات اور بازاروں کو صرف اور صرف عرق گلاب سے دھویا جائیگا۔ ضلعی انتظامیہ اپنے شہر اور دیہی علاقوں کی صفائی اور بالخصوص عید کے موقعہ پر صفائی کے بھرپور انتظامات کے لیے مکمل طور پر تیار ہے تاہم عوام الناس کو بھی اس حوالہ سے اپنا قومی فریضہ سمجھتے ہوئے حکومتی اداروں سے تعاون اور اپنے گلی محلوں دیہات اور شہر کو صاف شفاف بنانا ہے۔

بااختیار مقامی حکومت ہی حقیقی مقامی ترقی کی ضمانت ہے: ایڈووکیٹ خالد وسیم

ترقی یافتہ ممالک کی کامیابی کے پیچھے مضبوط بلدیاتی نظام کارفرما ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بااختیار مقامی حکومت ہی حقیقی مقامی ترقی کی ضمانت ہے اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے بغیر عوامی مسائل کا مستقل حل ممکن نہیں لوکل گورنمنٹ جمہوری نظام کی بنیاد ہے اور ترقی یافتہ ممالک کی کامیابی کے پیچھے مضبوط بلدیاتی نظام کارفرما ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''بیداری'' کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب بعنوان ''بااختیار مقامی حکومت، مقامی ترقی کی ضمانت'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ بطور ناظم یونین کونسل انہوں نے عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کیے اور اس نظام کے تحت پہلی مرتبہ گلیوں کو پکا کرنے کی ذمہ داری یونین کونسل کو سونپی گئی جس سے ترقیاتی عمل میں شفافیت اور عوامی شمولیت یقینی بنائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام کو کمزور کرنا درحقیقت عوام کے حق پر ڈاکہ ہے۔ ہمیں ایسا نظام چاہیے جو عوام کے گھر کی دہلیز پر ان کے مسائل حل کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے کی بات کی اور آج بھی اسی مؤقف پر قائم ہیں۔ بعد ازاں شرکاء نے سوال و جواب کی نشست میں بلدیاتی نظام سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

غیر قانونی وخودساختہ مویشی منڈیوں نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح کے سڑکوں، گلی محلوں اور سڑکوں کے اطراف قائم غیر قانونی وخود ساختہ مویشی منڈیوں نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا جگہ جگہ مویشیوں کی خرید وفروخت کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو آمدورفت میں شدید دشواری کا سامنا ہے شہری حلقوں نے صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہلم سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی جانب سے فوجی مل گراؤنڈ میں باقاعدہ مویشی منڈی قائم کی گئی ہے تاہم متعدد مقامی بیوپاری سرکاری منڈی میں منتقل ہونے کے بجائے شہر کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی مویشی منڈیاں قائم کیے ہوئے ہیں، جس سے نہ صرف ٹریفک مسائل بڑھ رہے ہیں بلکہ شہریوں کو روزمرہ نقل وحرکت میں بھی مشکلات پیش آرہی ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر میں قائم غیر قانونی مویشی منڈیوں کے خلاف موثر کاروائی عمل میں لائے جائے تمام بیوپاریوں کو فوجی مل گراؤنڈ منتقل کیا جائے تاکہ ٹریفک کی روانی بحال ہو اور عوام کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جاسکے

موٹروے پولیس اور ریسکیو 1122 کیساتھ مشترکہ موک ایکسرسائز کا انعقاد

ایکسرسائز میں موٹروے پولیس ایل ایس ایم اور مرید کے ریسکیو کے افسران وعملہ نے شرکت کی

مرید کے (تھمیل رپورٹر) موٹروے کالا شاہ کاکو کے قریب لاہور ایسٹرن بائی پاس پر موٹروے پولیس اور ریسکیو 1122 کیساتھ مشترکہ موک ایکسرسائز ہوئیں جسمیں موٹروے پولیس ایل ایس ایم اور مرید کے ریسکیو کے افسران وعملہ نے شرکت کی۔ ڈی آئی جی موٹروے پولیس سینٹرل زون 1 عمران شاھد اور سیکٹر کمانڈر ایل ای بی پی مقصود انجم ڈوگر نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز مرید کے کالا شاہ کاکو کے قریب لاہور ایسٹرن بائی پاس (لاہور سیالکوٹ موٹروے) پر ڈی آئی جی موٹروے پولیس سینٹرل زون ون عمران شاھد کی خصوصی ھدایات پر سیکٹر کمانڈر ایل ای ایم مقصود انجم ڈوگر کی ایس پی بیٹ ون نوید صدیق اور ڈی ایس پی سعید احمد چیمہ کی زیر نگرانی ناگہانی صورتحال یا حادثے کی صورت میں نبرد آزما ہونے کیلئے موٹروے پولیس اور ریسکیو 1122 کے عملہ نے مشترکہ موک ایکسرسائز کا مظاہرہ کیا۔ جسمیں دونوں ڈیپارٹمنٹ کے متعدد چاک چوبند عملہ نے ایک گھنٹے کی کاروائی میں انتہائی سخت گرمی اور دھوپ کے باوجود بہتر کارکردگی دکھاتے ہوئے اپنے افسران سے خوب داد وصول کی۔ اس موقع پر سیکٹر کمانڈر مقصود انجم ڈوگر نے کہا کہ ان ایکسرسائز کا مقصد ایک طرف اپنے عملہ کو کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار اور دوسری جانب موٹروے یوزر کو بھی انہارم کرنا ہے کہ خدانخواستہ دوران سفر کسی کو اگر کوئی مشکل پیش آئے یا کوئی حادثہ پیش آجائے تو ان کے علم میں ہو کہ 130 پر کال کرنے کے علاوہ ہمارا کتنا معتعد اور بروقت موقع پر پہنچ کر انکی داد رسی کرتا ہے۔ دریں اثناء دونوں ڈی ایس پی صاحبان سمیت ریسکیو کے افسران نے بھی اپنے اپنے ڈیپارٹمنٹ کے عملے کی کارکردگی کو سراہا۔

خریداروں کی سہولت کیلئے بکرا منڈی میں ٹھنڈے پانی کا کیمپ قائم

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) واسا چنیوٹ کی جانب سے شہریوں اور بیوپاریوں کی سہولت کے لیے بکرا منڈی میں ٹھنڈے پانی کا خصوصی کیمپ قائم کیا گیا ہے جہاں وافر مقدار میں پینے کا صاف اور ٹھنڈا پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ عائشہ رضوان نے بکرا منڈی کا دورہ کیا اور پانی کی فراہمی کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے پانی کے معیار کو چیک کیا۔ اس موقع پر انہوں نے واسا چنیوٹ کی جانب سے کیے گئے انتظامات کو سراہا اور شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کو قابل تحسین قرار دیا۔

ایوان امیر الہ پور سیداں میں سالانہ مجلس 3 جون کو ہوگی

فیروزوالا (نامہ نگار منور حسین) ایوان امیر الہ پور سیداں میں سالانہ مجلس تین جون کو ہوگی جس میں ملک بھر سے نامور علماء کرام و ذاکرین نظر انہ عقیدت پیش کریں گے تفصیلات کے مطابق ضلع کنجوانی پورہ کے قدیمی قصبہ نارنگ منڈی کے نواح میں واقع تاریخی گاؤں الہ پور سیداں میں ایوان امیر میں سالانہ مجلس مسلسل شہادت حضرت امام حسین علیہ السلام مورخہ تین جون کو ہوگی جس میں ملک بھر سے نامور علماء کرام و ذاکرین نظر انہ عقیدت پیش کریں گے یاد رہے کہ اس سالانہ مجلس کا اہتمام کاظمی برادران ہر سال باقاعدگی سے کرتے ہیں

ضلع بھر کے گرجا گھروں اور مسیحی عبادت گاہوں پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) اتوار منڈے سروسز کے موقع پر ساہیوال پولیس ہائی الرٹ، ضلع بھر کے گرجا گھروں اور مسیحی عبادت گاہوں پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات، پولیس نفری تعینات۔ ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی ہدایات پر ایلاکا اپنے فرائض پوری مستعدی اور الرٹ انداز میں سرانجام دیتے ہوئے، امن وامان کے قیام کو یقینی بنا رہے ہیں۔

گلیوں اور کھلے مقامات پر آلائشیں پھینکنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی: ڈپٹی کمشنر میر رضا اوزگن

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر میر رضا اوزگن نے عید الاضحیٰ پر صفائی انتظامات کے حوالے سے جہلم پریس کلب کے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گلیوں اور کھلے مقامات پر آلائشیں اے پھینکنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ ضلعی انتظامیہ اور تھراپنجاب کی ٹیمیں صفائی کے مثالی انتظامات کے لیے مکمل متحرک ہیں شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے شہری رابطہ کرسکتے ہیں۔

ضلع ننکانہ صاحب میں عیدالاضحیٰ صفائی آپریشن کے انتظامات مکمل

عید کے پہلے روز صبح 8 بجے صفائی آپریشن کا آغاز ہوگا آپریشن 24 گھنٹے بلاتعطل جاری رہے گا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب میں عیدالاضحیٰ صفائی آپریشن کے انتظامات مکمل۔ ضلعی ہیڈکوارٹر میں ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راؤ اور میٹنگ ڈائریکٹر لاہور ویسٹ مجسٹریٹ چیف آفیسر ننکانہ صاحب اسکن ممتاز نے عیدالاضحیٰ کے صفائی آپریشن بارے سماجی برادری کو بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راؤ نے دوران بریفنگ شگوفہ کرتے ہوئے کہا کہ عید کے پہلے روز صبح 8 بجے صفائی آپریشن کا آغاز ہوگا آپریشن 24 گھنٹے بلاتعطل جاری رہے گا۔ تھراپنجاب پروگرام کے تحت 2100 سے زائد ورکرز عید صفائی آپریشن میں حصہ لیں گے۔ ضلع کی تمام 65 یونین کونسلز اور 500 سے زائد دیہاتوں میں صفائی تھیمز خدمت سرانجام دیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ارین کے ساتھ رورل ایریاز میں بھی بھرپور صفائی آپریشن کیا جائے گا۔ شہریوں کی شکایات کا ازالہ زیادہ سے زیادہ دو گھنٹوں کے اندر یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ تھراپنجاب ایپ، 1139 ہیلپ لائن، ڈی سی او اور اے سی کنٹرول رومز عوامی شکایات کے لیے 24 گھنٹے فعال رہیں گے۔ ضلع بھر میں آلائشوں کی بروقت کوئین کے لیے خصوصی پلان تیار کرلیا گیا ہے۔ آلائشوں کی کوئینٹن کے لیے بیتنوں ضلع میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دیے گئے ہیں۔ یونین کونسل سطح پر کوئین کمیٹیز اور فوکل پرسنز بھی تعینات کردیے گئے کوئی بھی گاؤں یا علاقہ ایسا نہیں ہوگا جہاں صفائی ورکرز نہ پہنچے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ عید سے قبل تمام مساجد، عید گاہوں اور کھلے گراؤنڈز کی خصوصی صفائی ہوگی۔ عید نماز کے مقامات ومساجد کو عرق گلاب اور فینائل سے خصوصی طور پر دھلوایا جائے گا۔ انہوں نے میڈیا پرسنز کو بھی کہا کہ بھرپور کوریج کے ساتھ ساتھ صفائی کے حوالے سے اپنی بنیادی حق ہے، کسی کو خواہ مخواہ دینے یا کھٹی کرنے والوں کے خلاف تمام اسسٹنٹ کمشنرز سخت کاروائی عمل میں لائیں گے، کسی کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی۔ مینجنگ ڈائریکٹر تھراپنجاب اسکن ممتاز نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل ننکانہ میں 50 ہزار، 1 سائنگل میں 18 ہزار اور شاہوٹ میں 19 ہزار آلائشیں بیگز تقسیم کیے جائیں گے ساتھ تھراپنجاب کے پروگرام وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دل کے قریب منصوبہ ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا وژن پورے پنجاب کو صاف ستھرا اور زیرو ویسٹ بنانا ہے۔ ایم ڈی تھراپنجاب نے کہا کہ 15 جون کے بعد گلیوں اور بازاروں میں کوڑا پھینکنے والوں کے خلاف کاروائی ہوگی۔ ہیومن ریسورسز مکمل نہ کرنے پر صفائی سپروائزر کو 35 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا۔

اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا کا جنرل بس سٹینڈ اور پرائیویٹ ویگن سٹینڈ کا دورہ

مسافروں کو فراہم کی جانیوالی سفری سہولیات، صفائی ستھرائی، انتظار گاہوں کی حالت کا باریک بینی سے جائزہ لیا

عارفوالا (تحصیل کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر آصف رضائی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا فیصل عمران نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر جنرل بس اسٹینڈ اور پرائیویٹ ویگن اسٹینڈز کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے مسافروں کو فراہم کی جانیوالی سفری سہولیات، صفائی ستھرائی، انتظار گاہوں کی حالت، کرایہ نامہ کی نمایاں آویزگی اور مجموعی انتظامی امور کا باریک بینی سے جائزہ لیا انہوں نے مسافروں سے براہ راست ملاقات کرتے ہوئے کرایہ نامہ کے مطابق کرایوں کی وصولی اور فراہم کردہ سہولیات کے معیار بارے استفسار کیا اس موقع پر انہوں نے ٹرانسپورٹرز کو واضح ہدایت کی کہ مقررہ کرایوں پر مکمل

سہولیات فراہم کی جاسکیں اسسٹنٹ کمشنر فیصل عمران نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کو معیاری، محفوظ اور منظم سفری سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے انہوں نے خبردار کیا کہ کرایہ نامہ کی خلاف ورزی، زائد کرایہ وصولی اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ مسافروں کے حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

کوئٹہ دہشتگردی واقعہ میں معصوم شہریوں کی شہادت قابل مذمت: چوہدری صغیر انجم

نہتے اور بے گناہ انسانوں کو نشانہ بنانا کھلی دہشتگردی، بزدلی اور انسانیت دشمنی ہے: میاں بابر صغیر

ساہیوال (بیورو رپورٹ) بلوچستان کے شہر کوئٹہ میں ریلوے ٹرین پر دہشتگردی کے حملے میں تیس سے زائد معصوم شہریوں کی شہادت افسوس ناک اور قابل مذمت ہیں چوھدری صغیر انجم میاں بابر صغیر تفصیلات کے مطابق چوھدری صغیر انجم اور میاں بابر صغیر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ بلوچستان کے شہر کوئٹہ میں ریلوے ٹرین پر دہشتگردی کے حملے میں تیس سے زائد معصوم شہریوں کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات انتہائی افسوسناک، دل دہلا دینے والی اور قابل مذمت ہیں۔ نہتے اور بے گناہ انسانوں کو نشانہ بنانا کھلی دہشتگردی، بزدلی اور انسانیت دشمنی ہے۔ ایسے سفاک عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ہم شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعاگو ہیں۔ حکومت اور سیکیورٹی ادارے دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف فوری، مؤثر اور فیصلہ کن کارروائی کریں تاکہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ کے لیے ناکام بنایا جاسکے۔

چنیوٹ: عیدالاضحیٰ کے موقع پر سکیورٹی کے سخت انتظامات مکمل

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس کی جانب سے عیدالاضحیٰ کے موقع پر سکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ چنیوٹ پولیس کی جانب سے عیدالاضحیٰ کے موقع پر سخت سکیورٹی انتظامات کو مکمل کرلیا گیا ہے سینئر پولیس افسران سکیورٹی انتظامات کی مانیٹرنگ کریں گے ایس او پیز کے مطابق سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ نماز عید کے موقع پر ضلع بھر میں ایس پی، ڈی ایس پیز، انسپکٹرز سمیت 1 ہزار سے زائد پولیس افسران و جوان سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ نماز عید کے اہم اجتماعات پر واک تھرو گیٹ نصب کیے جائیں گے اور آنے والے افراد کی فزیکل اور میٹل ڈیٹیکٹر سے تلاشی لی جائے گی۔ اہم پوائنٹس پر چھتوں پر مسلح جوان تعینات کیے جائیں گے۔ عید کے ایام میں پل دریائے چناب پر چار سو سے زائد پولیس افسران وجوان سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ ایلیٹ فورس اور فالکن سکواڈ کی ٹیمیں شہر و گردونواح میں موثر گشت کریں گی۔ ایس ایچ اوز اپنے اپنے علاقوں میں مربوط حکمت عملی سے موثر گشت کریں گے اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھیں گے۔ کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ریزرو فورس پولیس لائن میں سٹینڈ ٹو رہے گی۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر کے بازاروں، مارکیٹوں میں لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کیلئے پولیس موبائلز، محافظ سکواڈ موثر گشت کر رہی ہیں۔ مختلف بازاروں کے اہم مقامات پر پولیس جوان تعینات کیے گئے ہیں بازاروں میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے ٹریفک پولیس کی نفری تعینات کی گئی ہے۔ عید الاضحیٰ پر ون ویلنگ، بغیر سلنسر کے موٹر سائیکل چلانے والوں اور ہلڑ بازی کرنے والوں کی روک تھام کیلئے مختلف مقامات پر چیک پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں۔

ضلع بھر میں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف شکنجہ مزید سخت

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ضلع بھر میں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف شکنجہ مزید سخت۔ بائی پاس پر واقع اذان سٹی میں آپریشن، دیواریں اور گیٹ مسمار، دفاتر سیل، 12 مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کی خصوصی ہدایات پر ضلع کونسل نے غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم اذان سٹی کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سکیم کے داخلی وخارجی گیٹس، دیواریں اور دیگر غیر قانونی تعمیرات مسمار جبکہ دفاتر کو سیل کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ یہ کارروائی عوامی شکایات اور لینڈ مافیا کے خلاف جاری مہم کے تحت عمل میں لائی گئی۔ آپریشن کی نگرانی چیف آفیسر ضلع کونسل خداداد تارڑ اور ڈسٹرکٹ آفیسر پلاننگ جاوید انور گوندل نے کی۔ بھاری مشینری کی مدد سے غیر قانونی تعمیرات کو گرایا گیا

5 مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکل سے محروم

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) پانچ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکل سے محروم۔ گوسند کے کے قریب 3 نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر عبدالرحمان سے نقدی 15 سو روپے، محمد عدیل سے نقدی 25 ہزار روپے، زبیر علی سے نقدی ایک ہزار روپے، حمزہ سے 2 ہزار روپے، اور ایک عدد گھڑی چھین لی، ڈیرہ گجراں میں سبحان کرامت اہل خانہ کے ہمراہ گھر میں سو رہے تھے کہ شہروز کے سرہانے سے نقدی 27 ہزار روپے اور 3 عدد موبائل فون چوری، نیکا کیملہ کے قریب تین نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر شہباز احمد سے نقدی 5 ہزار روپے چھین لیے، سمجو کالا میں محمد سہیل کے گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری، تلہاڑا میں ڈیرہ پر سوئے خلیل مسیح کا موبائل فون چوری۔ پولیس نے مقدمات درج کرلئے

پی ایم ایس آفیسر اشفاق احمد کو ایس ڈی ای او پیرافورس حافظ آباد تعینات کردیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب نے تجربہ کار سینئر پی ایم ایس آفیسر اشفاق احمد کو ایس ڈی ای او پیرافورس حافظ آباد تعینات کر دیا ہے جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی۔ اشفاق احمد اس سے قبل حافظ آباد میں بطور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل اسٹنٹ کمشنر ایچ آر اور اے سی پنڈی بھٹیاں اپنے فرائض سر انجام دے چکے ہیں۔ ماضی میں انہوں نے سرکاری فرائض کو بڑی محنت، لگن و دیانتداری سے سرانجام دیا۔ ایس ڈی ای او پیرافورس اشفاق احمد کا کہنا تھا کہ حکومتی احکامات پر عمل درآمد اور عوام کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی میری اولین ترجیح ہوگی اور انشاءاللہ پیرافورس کو عوام دوست فورس بنا کر تمام حکومتی ترجیحات کو یقینی بنایا جائیگا۔

محکمہ پولیس میں کالی بھیڑوں کے لئے کوئی جگہ نہیں: دی پی او حافظ آباد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کامران حمید نے کہا ہے کہ محکمہ پولیس میں کالی بھیڑوں کے لئے کوئی جگہ نہیں۔ جو بھی ملازم کسی بھی کرپشن بدعنوانی، لاپرواہی اور اختیارات کے ناجائز استعمال میں ملوث پایا گیا اس سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ محکمہ پولیس میں خود احتسابی کا عمل جاری رہے گا تاکہ پولیس کے وقار کو مزید بلند کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا ضلع بھر میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور آئی جی پولیس پنجاب کے وژن کے مطابق انقلابی پالیسیوں کا عمل جاری ہے۔ جس کے خاطر خواہ نتائج بھی برآمد ہو رہے ہیں۔ تمام تھانہ جات کے ایس ایچ اوز کو چاہیے کہ وہ تھانوں میں آنے والے سائلوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ اور انہیں ہر ممکن انصاف فراہم کرنے کے سلسلہ میں اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی جتنا بھی بااثر ہو۔ قانون کے سامنے سب برابر ہیں اور انصاف کے کٹہرے میں سب سے ایک جیسا سلوک کیا جائے۔

بھارت دہشتگردوں کے ذریعے قتل عام کررہا ہے: ثمینہ اکبر راؤ

بلوچستان میں دہشت گردوں کے حالیہ بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

ساہیوال (بیورو رپورٹ) بھارت پاکستان میں دہشت گردوں کے ذریعے معصوم شہریوں کا مکمل عام کررہا ہے بلوچستان میں دہشت گردوں کے حالیہ بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ میڈم ثمینہ اکبر راؤ رہنما پاکستان پیپلز پارٹی تفصیلات کے مطابق رہنما پاکستان پیپلز پارٹی میڈم ثمینہ اکبر راؤ، ڈپٹی فنانس سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی و ملکی پنجاب لیڈیز ونگ اپنے دفتر میں موجود میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے حالیہ بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ بھارت پاکستان میں دہشت گردوں کے ذریعے معصوم شہریوں کا مکمل عام کروا کر ملک کا امن خراب کرنے کی سازش کررہا ہے دشمن عناصر پاکستان کی سلامتی، ترقی اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، مگر پوری قوم اپنی افواج اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے میڈم ثمینہ اکبر راؤ، ڈپٹی فنانس سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی و ملکی پنجاب لیڈیز ونگ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے اور ایسے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتے۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا بھی کی

منگلا ڈیم کے حساس ریڈ زون ایریا میں غیر قانونی طور پر معدنیات نکالنے والے سات کریشنگ یونٹس سیل

جہلم (بیورو رپورٹ) منگلا ڈیم کے حساس ریڈ زون ایریا میں غیر قانونی طور پر معدنیات نکالنے والے سات کریشنگ یونٹس کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پیرا فورس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے تمام یونٹس سیل کر دیے۔ کارروائی حساس اداروں کی نشاندہی پر عمل میں لائی گئی، جہاں مقررہ علاقے سے پتھر، ریت، بجری اور دیگر معدنیات نکالنے کا سلسلہ جاری تھا۔ انتظامیہ نے کارروائی کے دوران دو ایکسکیویٹرز سمیت دیگر بھاری مشینری بھی تحویل میں لے لی۔ ذرائع کے مطابق منگلا ڈیم کے اطراف 20 کلومیٹر تک کے علاقے کو ریڈ زون قرار دیا جاچکا ہے

شیخوپورہ تھانہ کوٹ عبدالمالک کی حدود میں نجی سوسائٹی میں انوکھی واردات

چور زیر تعمیر گھر میں گھس کر بجلی کی وائرنگ میں موجود تار اور بجلی کا سامان چوری کر کے غائب

نامہ نگار (منور حسین) شیخوپورہ تھانہ کوٹ عبدالمالک کے علاقہ میں لاہور موٹر وے سٹی سوسائٹی کی انتظامیہ کی نااہلی کھل کر سامنے آگئی نجی سوسائٹی میں ہوئی انوکھی واردات چور زیر تعمیر گھر میں گھس کر بجلی کی وائرنگ میں موجود تار اور بجلی کا سامان چوری کر کے غائب۔ جس کی سیکورٹی انتظامیہ کو خبر تک نہ ہوئی جبکہ سیکورٹی کے نام پر ہزاروں روپے وصول کئے جاتے ہیں

سیالکوٹ علاقہ تھانہ سبز میں نجی ہسپتال میں نرس خاتون کا بذریعہ فائرنگ قتل۔ مقدمہ درج

چارودہ کی رہائشی مقتولہ 18 سالہ سعدیہ حمزہ سعید ہسپتال میں بطور نرس جاب کرتی تھی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) جس کو ملزمان شاہ زیب اور امام بخش نے رنجش وتکرار کی بناء پر 12 بور گن سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ سطلاع ملنے پر ڈی ایس پی پسرور اور ایس ایچ او تھانہ سبز پیر نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے۔ مقتولہ نرس کے قتل کی بابت ہر پہلو سے تفتیش عمل میں لائی جا رہی ہے۔ فرانزک اور ایکسپرٹ ٹیم نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے ہیں جس کی بابت مقدمہ درج کر کے ضابطہ کاروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ مقدمہ میں نامزد تین کس کو پولیس نے حراست میں لے لیا ہے۔ جن سے قتل کی بابت تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کا کہنا ہے متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور اس افسوس ناک وقوعہ کی اصل حقائق اور میرٹ پر کاروائی جاری ہے۔

مرید کے میں افسوسناک واقعہ، قربانی کا بکرا کھلے مین ہول میں جا گرا انسانوں کے ساتھ جانور بھی غیر محفوظ

مرید کے (تھمیل رپورٹر) مرید کے ریلوے پارک میں کھلا مین ہول شہریوں اور جانوروں کے لیے خطرہ بن گیا، جہا

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) پیر 25 مئی 2026ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بے ضرر صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چالیس کلمے چھپے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003 (ہیلپ لائن)

قیمت 1

تعلقات عامہ کے مطالبق جاننی کوششوں کا مقصد 8 اپریل کی بیٹک بندی کے بعد تاندی میں اور قیمتی دھاتوں کی قیمت کو نیچی بنانا ہے۔ آئی ایس ایف کے صدر محمد شہباز شریف نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی اور وزیر داخلہ سکندر مومنی سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقات میں ان امور پر تبادلہ خیال ہوا جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان موجود تجارت کے حجم کو بڑھانا ہے۔ ملاقات میں وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان تجارت کا حجم 2 ارب ڈالر ہے جسے بڑھا کر 10 ارب ڈالر کرنا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ تجارت کو بڑھانے کے لیے تیار ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ بینکنگ سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے تیار ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ بارٹر تجارت کو بڑھ

کرپشن، اقربا پروری اور نااہلی نے اداروں کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، جاوید قصوری

پاکستان حقیقی معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بنانے کے لئے اللہ کے نظام کو نافذ کرنا ہوگا

جماعت اسلامی عوام کو سود، کرپشن اور استحصالی نظام سے نجات دلانا چاہتی ہے ،امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی پاکستان کی واحد جماعت ہے جو اپنے کارکنان کی منظم فکری اور نظریاتی بنیادوں پر تربیت کا اہتمام کرتی ہے۔ ہماری پوری جدوجہد کا بنیادی مقصد اللہ اور اس کے رسول کے نظام کے غلبہ و نفاذ کی کوشش بنانا ہے، کیونکہ پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں آیا تھا اور اس ملک میں صرف (بقیہ نمبر 37)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصور منصورہ مرکز میں منعقدہ ایک روزہ تربیتی و رکشاپ برائے اسٹڈی سرکل سے خطاب کر رہے ہیں

کپاڑہ میں لوگوں کا امتیازی سلوک اور روزگار سے محرومی کرنے کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے شمالی کپواڑہ میں لوگوں نے مقامی مزدوروں کے ساتھ امتیازی سلوک اور سرکاری کوٹہ کی تقسیم کے جاری معمولوں میں انہیں روزگار کے مواقع سے محروم کرنے پر پولیس حکام کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ہفتہ کو پورہ، ہکتیلپال سی، بونہ گام اور رحیم رہبری کے لوگوں نے مقامی کارکنوں کو نظر انداز کرنے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ نکلن ڈیارلمنٹ کی جانب سے تقرریاں دو دہائیوں سے علاقے میں سرکاں کی تعمیر اور دیگر ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جن میں مقامی مزدوروں کا مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

کراچی، گلگت میں پولیس مقابلہ، 2 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) تھانہ گلبرگ کی حدود میں پولیس اور ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلے کے دوران دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان ضلع سینٹرل پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت بلال اور ذیشان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے بعد دونوں زخمی ملزمان کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا، تبادلے کے قبضے سے دو مختول اور متعدد زندہ راؤنڈ زبھی برآمد ہوئے ہیں۔

مون سون میں بلاتعطل بجلی کیلئے لیسکو کا جدید برقی نظام کی تنصیب کا آغاز

منصوبے سے بارشوں میں ٹرپنگ، شارٹ سرکٹ اور بجلی کی خرابیوں میں نمایاں کمی کا امکان

لاہور (نیڈ این این) لیسکو نے مون سون سیزن کے دوران بلاتعطل بجلی فراہمی یقینی بنانے کیلئے شہر کے مختلف علاقوں میں جدید برقی نظام کی تنصیب کا کام تیز کردیا ہے۔ لیسکو حکام کے مطابق جیل روڈ، لارنس روڈ، شادمان اور ملحقہ علاقوں میں جدید انسولیٹڈ کنڈکٹرز بچھائے جارہے ہیں جس پر لاکھوں روپے لاگت آئے گی۔ اس منصوبے کا مقصد بارشوں کے دوران بجلی کی ٹرپنگ اور فالٹس میں نمایاں کمی لانا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ جدید انسولیٹڈ کنڈکٹرز کی بدولت بارش کے دوران درختوں کی شاخیں تاروں سے ٹکرانے کے باوجود بجلی کی سپلائی متاثر نہیں ہوگی جبکہ شارٹ سرکٹ اور غیر ضروری ٹرپنگ جیسے مسائل میں بھی واضح کمی آئے گی۔

لاہور: کارپٹ ڈیفنگ ٹسٹی ٹیوٹ میں تیار کیے گئے ہاتھ سے بنے قالینوں کے معیار کا جائزہ لیا جارہا ہے

عید قرباں پر ریلوے اسٹیشنوں پر رش میں اضافہ، ٹرینوں کی بکنگ لاہور سے کراچی جانے والی ٹرینوں میں 100 فیصد بکنگ، عید اسپیشل ٹرینیں بھی فل

لاہور (نیڈ این این) عید قرباں قریب آتے ہی اپنے پیاروں کے ساتھ عید منانے کی خواہش لیے پردیسیوں نے ریلوے اسٹیشنوں کا رخ کرلیا ہے، جس کے باعث مختلف شہروں کیلئے جانے والی ٹرینوں میں مسافروں کا رش بڑھ گیا ہے۔ لاہور سے کراچی سمیت مختلف شہروں کو جانے والی ٹرینوں میں بکنگ مکمل ہونے لگی ہے، جبکہ لاہور سے کراچی جانے والی 10 میل اور ایکسپریس ٹرینوں میں 100 فیصد بکنگ ہوچکی ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق مسافروں کو سہولت فراہم کرنے کیلئے چلائی جانے والی 3 عید اسپیشل ٹرینوں کی بکنگ بھی مکمل طور پر بک ہوچکی ہے۔ دوسری جانب مسافروں نے ٹکٹنگ کاؤنٹرز اور ٹرینوں کی طویل تاخیر پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پر ہمیں کشمیریوں اور فلسطینیوں کیلئے خصوصی دعا کرنی چاہیے، چوہدری محمد یونس

عیدالاضحیٰ صرف خوشیوں کا تہوار نہیں بلکہ ایثار، محبت، اخوت اور انسانیت کی خدمت کا عملی درس بھی دیتا ہے

ساحتھ افریقہ (این این آئی) مشیر وزیراعظم آزاد کشمیر برائے ساحتھ افریقہ چوہدری محمد یونس ورک نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ قربانی اور حضرت ابراہیمؑ کی تعلیم قربانی محبہ وفاداری اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کے سامنے مکمل تسلیم و رضا کی یاد تازہ کرتی ہے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ہمیں مقبوضہ جموں و کشمیر کے کشمیریوں اور مقبوضہ فلسطین کے فلسطینیوں کے لئے خصوصی دعا کرنی چاہیے

ملت پارک پولیس کی کارروائی، میاں بیوی منشیات فروش گرفتار، چرس برآمد

خفیہ اطلاع پر کارروائی، موٹر سائیکل پر منشیات سپلائی کرنے والا جوڑا رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا گیا

لاہور (نیڈ این این) ملت پارک پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ریکارڈ یافتہ منشیات فروش میاں بیوی کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن سدرہ خان کے مطابق ملزمان رشید اور اس کی اہلیہ کو ملت چوک کے قریب سے گرفتار کرلیا گیا۔ دونوں ملزمان مختلف علاقوں میں موٹر سائیکل پر سوار ہو کر منشیات کی ڈیلیوری دیتے تھے۔ پولیس کے مطابق گرفتار میاں بیوی سے مجموعی طور پر لاکھوں روپے مالیت کی 5 کلو چرس برآمد کی گئی ہے۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا گیا ہے۔

وائلڈ لائف رینجرز کی کارروائیاں، نایاب پینگولن، کالا تیتر اور راء طوطا برآمد

دو مختلف کارروائیوں میں غیر قانونی قبضے سے جنگلی جانور اور پرندے برآمد، دو ملزمان گرفتار

ملزمان کو ایک لاکھ پانچ ہزار روپے جرمانہ، پینگولن اور کالا تیتر قدرتی ماحول میں آزاد، ترجمان

لاہور (نیڈ این این) محکمہ وائلڈ لائف پنجاب نے سینئر ڈویژنل فارسٹ آفیسر مریم اور گنڈیرہ کی قیادت میں جنگلی جانوروں اور پرندوں کے غیر قانونی شکار، کاروبار اور قبضے کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے نایاب پینگولن، کالا تیتر اور راء طوطا برآمد کرکے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ محکمہ نے دونوں ملزمان کو مجموعی طور پر ایک لاکھ پانچ ہزار روپے محکمانہ جرمانہ کی عدم ادائیگی پر 3، 3 ماہ کی سزا سنائی۔ ترجمان محکمہ وائلڈ لائف

کاہنہ: 11 سالہ بچی کیساتھ زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (نیڈ این این) کاہنہ میں 11 سالہ بچی کیساتھ زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ کاہنہ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی سے ملزم کو شناختہ کرکے گرفتار کیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق 3/4 روز قبل بچی گھر سے سودا سلف لینے گئی تھی، بچی سہیلی کے گھیت کیے 6 سے ملزم دبوچا کر بچی کو اپنے ساتھ لے گیا، قریب ہی واقع کوارٹر میں بچی سے زیادتی کی اور فرار ہوگیا تھا۔ ایس پی کے مطابق ملزم مقیم بھٹیاں کے خلاف مقدمہ درج کرکے چیدہ چیدہ کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بطور چیئرمین مدرسہ بورڈ حافظ ذبیر حسن کا انتخاب احسن اقدام ہے: بے بی آئی

لاہور (نیڈ این این) جمعیت علماء اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اظہر محمد حسین، امیر مولانا حاجی عبدالقدوس گنڈیری، ناظم اعلیٰ مولانا ابو بکر خان، ڈپٹی کنوینر حاجی ابو سہیل، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب مجاہد، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری وحید بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد محمود، عبدالجلیل توسلی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں...

لیسکو کا رینجرز کے ہمراہ بڑا آپریشن، 12 افراد بجلی چوری کرتے گرفتار

پٹرہانہ، کھنیکے، اوپل اور رکھ ہرمت نگلہ میں مشترکہ کارروائی، غیر قانونی کنکشنز منقطع

لاہور (نیڈ این این) لیسکو نے رینجرز کے ہمراہ پٹرہانہ، کھنیکے، اوپل اور رکھ ہرمت نگلہ کے علاقوں میں بجلی چوری کے خلاف مشترکہ آپریشن کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ڈی او بریکی تہذیب الحسنین عباسی کی قیادت میں کیے گئے آپریشن کے دوران 12 افراد کو بجلی چوری کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا گیا۔ حکام نے مطابق مقدمہ درج کرلیا گیا۔

چندرائے روڈ پر جھلسی ہوئی نامعلوم نعش برآمد، قتل کا مقدمہ درج

رسی سے بندھے ہاتھ پاؤں، نشدد کے نشانات اور جلا ہوا جسم، پولیس نے تفتیشات شروع کردیں

لاہور (نیڈ این این) تھانہ کوٹ لکھپت کے علاقے چندرائے روڈ پر جھاڑی سے ایک جلی ہوئی نامعلوم نعش برآمد ہوئی ہے جس کے بعد پولیس نے قتل کا مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کر دی۔ پولیس کے مطابق اسپکٹر غلام مرتضیٰ بھٹہ نفری کشت پر موجود تھے کہ بذریعہ 15 اطلاع ملی کہ ایک نامعلوم لاش تڑپ میں پڑی ہے۔ موقع پر پہنچ کر پولیس نے لاش کا معائنہ کیا جو جزوی طور پر جلی ہوئی تھی۔ لاش کے ہاتھ رسی سے بندھے ہوئے تھے اور جسم پر تشدد کے نشانات تھے۔ لاش کا چہرہ بری طرح جلا ہوا تھا۔ لاش کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر مزید کارروائی شروع کردی ہے۔

پنجاب میں دودھ اور دہی کی سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد نہ ہونے کا انکشاف

اوپن مارکیٹ میں دودھ 240 روپے فی لیٹر اور دہی 250 روپے فی کلو تک فروخت ہونے لگا

لاہور (نیڈ این این) پنجاب میں دودھ اور دہی کی سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق دودھ کی قیمت 170 روپے فی لیٹر مقرر ہے، تاہم اوپن مارکیٹ میں دودھ 240 روپے فی لیٹر تک فروخت کیا جارہا ہے۔ خرچ نامے کے مطابق دودھ کی قیمت 170 روپے فی لیٹر مقرر ہے، تاہم اوپن مارکیٹ میں دودھ 240 روپے فی لیٹر تک فروخت کیا جارہا ہے۔ سرکاری اشیائے خورد و نوش خریدنے پر مجبور ہیں۔ سرکاری

قلعہ احمد آباد: مدرسہ حنفیہ قاسمیہ میں تکمیل قرآن کریم کی پہ روقار تقریب میں فرخیہ حافظہ میر، حافظ فضیل احمد اور حافظ احسان کا اپنے استاد کرام کے ساتھ گروپ فوٹو

عیدالاضحیٰ پر قربانی کے جانور منڈی سے دور باندھنے کی ہدایت

صوبائی وزیر پنجاب نوتانی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی عوام سے اجتماعی مذبحہ اختیار کرنے کی اپیل

لاہور (نیڈ این این) صوبائی وزیر نوتانی ملک فیصل ایوب کھوکھر نے عوام سے اپیل کی ہے کہ عید قرباں کے موقع پر قربانی کے جانور گھر کے بجائے مخصوص اجتماعی مذبحہ میں لے جائیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جانور اور گھر کا مکمل جائزہ لیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اطراف میں کوئی کھلی نالی، خطرناک بجلی کی تار موجود نہ ہو۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ عید کے دنوں میں اجتماعی ذبیحہ اختیار کرنے سے نہ صرف انسانی جانوں بلکہ قیمتی جانوروں کو بھی محکمہ حادثات سے محفوظ بنایا جاسکتا ہے۔

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری کے باعث ٹی ٹی معاہدات میں تیزی

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاکستان کے معدنی شعبے میں بین الاقوامی تعاون اور ویلیو ایڈیشن کے نئے امکانات روشن ہوگئے۔ پاک سالٹ کارپوریشن اور چین بیشل سالٹ انڈسٹری گروپ نے راک سالٹ شعبے میں طویل المدتی تعاون کے لیے معاہدے پر دستخط کردیے۔ ایس آئی ایف سی نے چینی اور پاکستانی اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے اشراکت داری میں نمایاں کردار ادا کیا۔ معاہدے کی تکمیل میں وزارت قوانتائی (پیٹرولیم ڈویژن) نے بھی تکنیکی معاونت فراہم کی۔

عیدالاضحیٰ پر قربانی کے جانوروں کی گوشت بنانے کے لئے ٹوکہ تیار کررہا ہے

والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کی عیدالاضحیٰ پر خصوصی صفائی مہم تیز

ڈی ای او اوشان عارف کی ہدایت پر مین شاہراہوں، گنجان علاقوں میں صفائی انتظامات مکمل

لاہور (نیڈ این این) والٹن کنٹونمنٹ بورڈ نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی اور آلائشوں کے بروقت اور محفوظ ٹھکانے لگانے کے لیے خصوصی صفائی مہم کا آغاز کردیا ہے۔ مہم کے تحت والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے چیف آفیسر کرنل سید عارف کی ہدایت پر مختلف علاقوں میں صفائی انتظامات کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

این سی آئی اے کی کارروائیاں، خواتین کو بلیک میل کرنے والے دو ملزمان گرفتار

لاہور اور گوجرانوالہ میں کارروائی، نازیبا مواد پھیلانے اور شادی کا جھانسہ دے کر بلیک میلنگ کا انکشاف

لاہور (نیڈ این این) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی پنجاب کی ہدایت پر لاہور اور گوجرانوالہ میں خواتین کو ہراساں اور بلیک میل کرنے والے دو ملزمان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے دو افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق لاہور میں کارروائی کے دوران ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ملزم نے اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر سوشل میڈیا پر جعلی پروفائلز بنا رکھی تھیں۔ ملزمان نے متاثرہ خاتون کی نازیبا تصاویر حاصل کرکے انہیں بلیک میل کیا۔ ملزمان نے متاثرہ خاتون سے 2 لاکھ روپے بھی بٹور لیے۔ ملزمان نے متاثرہ خاتون کو شادی کا جھانسہ دے کر ان سے جسمانی تعلقات بھی قائم کیے۔ ملزمان نے متاثرہ خاتون کی نازیبا تصاویر اور ویڈیوز بھی بنا رکھی تھیں۔ ملزمان نے متاثرہ خاتون کی نازیبا تصاویر اور ویڈیوز اس کے شوہر کو بھیج دیں۔ ملزمان نے متاثرہ خاتون کی نازیبا تصاویر اور ویڈیوز اس کے شوہر کو بھیج دیں۔ ملزمان نے متاثرہ خاتون کی نازیبا تصاویر اور ویڈیوز اس کے شوہر کو بھیج دیں۔

ٹرمپ کی حمایت میں ہاؤس کی وائٹ کے فائرنگ آور پر حملہ موقع پر ہلاک

ملزم کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی تاہم دعویٰ کیا گیا ہے کہ حملہ آور جذباتی طور پر پریشان تھا مگر اس پریشانی کی وجہ نہیں بتائی گئی

سیکریٹ سروس اہلکاروں کی جانب سے جوابی کارروائی میں 2 افراد کو گولیاں لگیں، واقعے میں سڑک پر موجود ایک شخص بھی زخمی ہوگیا تاہم واقعے میں کوئی سیکیورٹی اہلکار زخمی نہیں ہوا

واشنگٹن (نیٹ نیوز) مسلح شخص نے وائٹ ہاؤس کے دروازے پر موجود چیک پوسٹ پر فائرنگ کردی، جس پر سیکیورٹی اہلکاروں کی جوابی کارروائی میں حملہ آور مارا گیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق ملزم کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی تاہم دعویٰ کیا گیا ہے کہ حملہ آور جذباتی طور پر پریشان تھا مگر اس پریشانی کی وجہ نہیں بتائی گئی۔ سیکریٹ سروس کے گولیاں لگیں، واقعے میں (بقیہ نمبر 41)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شاہ حسین جہانیاں کے سرکاری ادارے جنجوعہ کے کنٹری ڈائریکٹر کو ملاقات کے موقع پر یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

فریضہ حج سہولت اور اتحاد کی عظیم مثال ہے، قاضی محمد ابراہیم چشتی

مظفر آباد (این این آئی) صدر سیرت کمیٹی ضلع جہلم ویلی، وائس چیئرمین سپریم کونسل آزاد جموں و کشمیر علامہ پروفیسر قاضی محمد ابراہیم چشتی نے یوم عرفہ پر حجاج کرام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ فریضہ حج اللہ تعالیٰ کا خاص انعام ہے جو پوری دنیا کے مسلمانوں کو ایک جگہ جمع ہونے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری کے باعث ٹی ٹی معاہدات میں تیزی

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاکستان کے معدنی شعبے میں بین الاقوامی تعاون اور ویلیو ایڈیشن کے نئے امکانات روشن ہوگئے۔ پاک سالٹ کارپوریشن اور چین بیشل سالٹ انڈسٹری گروپ نے راک سالٹ شعبے میں طویل المدتی تعاون کے لیے معاہدے پر دستخط کردیے۔ ایس آئی ایف سی نے چینی اور پاکستانی اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے اشراکت داری میں نمایاں کردار ادا کیا۔ معاہدے کی تکمیل میں وزارت قوانتائی (پیٹرولیم ڈویژن) نے بھی تکنیکی معاونت فراہم کی۔

لاہور: تحصیل اور گرمی کی شدت کی وجہ سے جی پی او چوک مال روڈ پر ہوکا عالم ہے

لاہور: ایک جنت کش گھر یلو استعمال کی اشیاء خرید وفروخت کرنے کیلئے لوگوں کے انتظار میں کھڑا ہے

لاہور: شہری شاہ پور کا نجراں منڈی میں عیدالاضحیٰ پر قربانی کے لیے جانور خرید رہے ہیں



لاہور: مصروف ترین شاہراہ فیروز پور روڈ پر ٹریفک جام ہے

عیدالاضحیٰ پر پرمسرت موقع پر روزنامہ ''قوت'' خصوصی اشاعت کا اہتمام کررہا ہے تمام نمائندگان/ بیورو چیف سے درخواست ہے کہ اپنے اشتہارات 25 مئی 2026 تک ادارہ ہذا کو ای میل کردیں تاکہ بہتر کوریج دی جاسکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان 0302-1228000
gmail.com Email:dailyquwat786